★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

قوت

روزنامہ

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 27 شعبان المعظم 1446ھ، 26 فروری 2025ء، 14 پھاگن 2081ب | قیمت 8 (قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 124

علاج ہر مریض بچے کا حق، ریاست اپنا فرض نبھائے گی، مریم نواز

مفت علاج کے منصوبے کے تحت 150 مریض بچوں کے کامیاب آپریشن

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش، معصوم بچوں کے چہروں پر مسکراہٹ لے آئی، لاہور چلڈرن ہسپتال پاکستان کا بون میرو ٹرانسپلانٹ آپریشن کرنے والا پہلا سرکاری ادارہ 150 مریض بچوں کے کامیاب آپریشن

مختلف صوبوں کے بچے بون میرو ٹرانسپلانٹ کرانیوالوں میں شامل، جلد ٹرانسپلانٹ کارڈ کا اجراء کروں گی، مریض بچوں کے والدین اخراجات سے بے نیاز ہو جائیں گے، تمام وسائل مہیا کریں گے، وزیراعلیٰ پنجاب



لاہور (سمیہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کاوش نے معصوم بچوں کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیر دیں۔ لاہور کے چلڈرن ہسپتال میں بون میرو ٹرانسپلانٹ کے 150 کامیاب آپریشن کیے گئے۔ بون میرو ٹرانسپلانٹ آپریشن پر 42 لاکھ سے زائد اخراجات حکومت پنجاب نے ادا کیے۔ لاہور چلڈرن ہسپتال پاکستان بھر میں بون میرو ٹرانسپلانٹ آپریشن کرنے والا پہلا سرکاری ادارہ بن گیا ہے۔ چلڈرن ہسپتال کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

شہباز شریف کی کویت کے قومی دن پر امیر کویت، وزیراعظم کویت اور عوام کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور کویت کے دوطرفہ تعلقات ہماری مشترکہ تاریخ، عقیدے اور ثقافت پر مبنی ہیں۔ کویت کے قومی دن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

ازبکستان کے صدر کی خصوصی دعوت پر وزیراعظم تاشقند پہنچ گئے

پاکستان کے ازبکستان میں سفیر احمد فاروق و سرکاری اہلکاروں نے وزیراعظم کا استقبال کیا

تاشقند (این این آئی) ازبکستان کے صدر شوکت مرزیایف کی خصوصی دعوت پر وزیراعظم محمد شہباز شریف ایئرپورٹ، ازبک وزیر خارجہ عظیم آسیوموف، تاشقند کے میئر شوکت عزیز آف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

ملٹری ٹرائل کیس کیا ایوب خان کے دور میں بنیادی حقوق میسر تھے؟ سپریم کورٹ

بنیادی حقوق اصلاً دستیاب نہیں تھے، سویلینز کی حد تک کہ مثل دفعات پر ٹرائل عام عدالت ہی کر سکتی ہے، آرڈیننس میں بہت ساری دفعات تھیں آرمڈ فورسز کے حوالے سے تھیں: وکیل

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی سات رکنی آئینی بنچ کیس کی سماعت کر رہا ہے، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس حسن اظہر رضوی بنچ میں شامل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سویلینز کے ملٹری ٹرائل کیخلاف اعتزاز کورٹ اپیل پر سماعت جاری ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی سات رکنی آئینی بنچ کیس کی سماعت کر رہا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس حسن اظہر رضوی بنچ میں شامل ہیں، جسٹس سرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شاہد بلال حسن بھی بنچ کا حصہ ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

9 مئی کے واقعات میں عمران خان براہ راست ملوث تھے، تحقیقاتی رپورٹ

سانحہ 9 مئی کے واقعات سے متعلق تحقیقات کی تفصیلات سامنے آگئی ہیں، حماد اظہر، نجاتج گل، مراد سعید، علی امین گنڈاپور، شاندانہ گلزار کے نام شامل

فرخ حبیب، علی زیدی، کنول شوذب، شہریار آفریدی کو بھی ملوث قرار دیا گیا ہے، سینیٹر اعجاز چوہدری، فیصل جاوید، ڈاکٹر یاسمین راشد، محمود الرشید بھی ملوث قرار دیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) انگران حکومت کے دور میں کی گئی سانحہ 9 مئی کے واقعات سے متعلق تحقیقات کی تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 9 مئی 2023ء کے واقعات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

سپریم کورٹ

سویلینز کے کورٹ مارشل کیس میں سپریم کورٹ آئین کے آرٹیکل 175 کی ہی ہائی عدالت ہے

سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلین ٹرائل سے متعلق کیس میں سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کی مدت ملازمت میں توسیع کا معاملہ بھی زیر بحث آگیا

آرمی چیف کی مدت ملازمت میں توسیع کا قانون نہیں تھا، سپریم کورٹ کی ہدایات پر پارلیمنٹ نے آرمی چیف کی توسیع کے لیے قانون سازی کی، جسٹس امین الدین خان کے ریمارکس



وزیراعظم محمد شہباز شریف کا آذربائیجان میں ''آسان خدمت'' کا دورہ

وزیراعظم کی آسان خدمت کی شکل میں عوامی خدمات کی فراہمی کے اس کے جدید ماڈل کی تعریف

باکو (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف مصروفیت نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ وزیراعظم کو نے باکو آذربائیجان میں آسان خدمت مرکز کا دورہ برتھ ڈے گفٹ دی گئی کہ آسان خدمت شہریوں کی آسانی کیا۔ آذربائیجان کے صدر کی زیر قیادت عوامی خدمات کی فراہمی میں اپنی بہتر مقدم کہ کر سوشو عوامی خدمات کی فراہمی میں اپنی بہتر اور سماجی استحراج کی ریاستی ایجنسی کے چیئرمین الوی کارکردگی کے باعث ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)



دس ہشتگردی بین الاقوامی چیلنج، مشترکہ اقدامات ضروری، وزیر داخلہ

پاکستان روس کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے روابط کو فروغ دے گا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے روس کے سفیر الیرٹ پی خوریف سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات کے سلسلے میں تعاون بڑھانے پر بات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

عمران خان کی دوستوں سے ملاقات نہ کروانے پر توہین عدالت؛ درخواستوں کا ریکارڈ طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عدالتی حکم کے باوجود (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)



سابق وزیر اسلم اقبال کے ڈیرے سے لاش برآمد، قاتل و مقتول دونوں پولیس اہلکار نکلے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) رہنما اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



ناروال: وفاقی وزیر احسن اقبال شمعل روشن کر کے ناروال یونیورسٹی سپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

نوجوان نوکھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کیے جائیں گے، احسن اقبال

ناروال سپورٹس سٹی وہ منصوبہ ہے، جس میں نوجوان کو جدید تربیت سے کھیلنے کا موقع فراہم ہوگا، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اس منصوبے کو بنانے کے جرم میں عمران خان نے مجھے ڈھائی ماہ قید میں رکھا اور مجھے انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا، خطاب

ناروال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف ناروال کے تین روزہ رنگا رنگ سپورٹس فیسٹیول کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

سپورٹس سٹی میں افتتاحی تقریب میں طلبہ وطالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف ناروال کے وائس چانسلر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

آذیولیک کیس؛ علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے کیس کی سماعت 6 مارچ تک ملتوی کر دی

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد کے آذیولیک کیس میں درج ہوئی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

موسم کی خرابی کے باعث 6 پروازیں منسوخ، 23 تاخیر کا شکار

لاہور (این این آئی) موسم کی خرابی اور انتظامی مسائل کے باعث 6 پروازیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

بڑے سائن بورڈز، تجاوزات کے خلاف درخواست پر ساعت ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بڑے سائن بورڈز اور تجاوزات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)



لاہور: صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی پنجاب سیڈ کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سعودی عرب میں بات چیت شان دار رہی، ولی عہد محمد بن سلمان کی شخصیت بہترین ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جمعے کے روز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

پاکستان میں ہونے والی دہشتگردی کے پیچھے بھارت ہے، رانا ثناء

دہشتگردی کے پیچھے بلوچستان کا عام آدمی نہیں، دہشتگرد پہاڑوں سے دوسرے ممالک چلے جاتے ہیں واپس بھی آجاتے ہیں

بارڈر لگانے سے فرق پڑا، افغانستان کے حکمرانوں کا دہشتگردی کے معاملے پر رویہ درست نہیں، وزیراعظم کے سیاسی مشیر کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو دہشتگردی کا سامنا ہے اور اس کے پیچھے بھارت ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

دہشتگردی میں ہونے والی دہشت گردی غیر ملکی فنڈنگ سے ہو رہی ہے اور اس کے پیچھے بھارت ہے۔ ایک بلوچستان کے عام آدمی نہیں، پہاڑوں سے آکر



وفاقی وزیر عام کمال خان اور عبدالعلیم خان کا ازبکستان کے شہر تاشقند پہنچنے پر استقبال کیا جا رہا ہے



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان لاہور ٹیڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان کی 6، بشریٰ بی بی کی ایک کیس میں عبوری ضمانت میں توسیع

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی کی ویڈیو لنک سے حاضری نہیں کروائی گئی

اسلام آباد (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اسلام آباد نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی 6 اور بشریٰ بی بی کی ایک کیس میں 15 اپریل تک عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد آصف مجرکہ عرفانی پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

لاہور ہائیکورٹ میں کیسز کی سماعت کیلئے اگلے 2 ماہ کا نیا جنرل روسٹر جاری

3 مارچ سے 5 مئی تک پرنسپل سیٹ پر 25 سنگل، 10 ڈویژن بنچ کیسز کی سماعت کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں کیسز کی سماعت کے لیے اگلے 2 ماہ کے لیے نیا جنرل روسٹر جاری کر دیا گیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم کی منظوری کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ناموزمذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک منصورہ میں ملاقات کر رہے ہیں

حافظ نعیم الرحمٰن سے ناموزمذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر عبدالکریم نائیک کی ملاقات

ملاقات میں دینی، علمی، امت کو درپیش چیلنجز اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ناموزمذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر عبدالکریم نائیک نے منصورہ میں ملاقات کی اور دینی، علمی، امت کو درپیش چیلنجز اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

مذاکرات ناکام، پاک افغان کشیدگی برقرار، طورخم بارڈر چوتھے روز بھی بند

زیرو پوائنٹ پر پاک افغانستان حکام کا پہلا مذاکراتی سیشن کسی نتیجے پر پہنچے بغیر ختم، کروڑوں کا نقصان

پشاور (این این آئی) طورخم کی سرحدی گزرگاہ آج چوتھے روز بھی تجارتی سرگرمیوں اور پیدل آمدورفت کے لیے بند ہے، جس کے باعث دونوں جانب سفر اور پھنس گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

اعظم سواتی کی 9 مئی کے مقدمات میں عبوری ضمانت میں 11 مارچ تک توسیع

ہم پولیس کے پاس جانا چاہتے تھے مگر پولیس نے ہمیں وقت نہیں دیا، وکیل اعظم سواتی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے سابق وفاقی وزیر اعظم خان سواتی کی 9 مئی کے 5 مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع کے احکامات جاری کر دیے۔ لاہور کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری لندن میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب میں قدیم فوجداری قوانین کو تبدیل کرنے کا فیصلہ، کمیٹی تشکیل

کمیٹی قدیم فوجداری قوانین کو جدید اور موثر بنانے کیلئے سفارشات پیش کرے گی

لاہور (این این آئی) انگریز دور کے فوجداری قوانین کو تبدیل کرنے کیلئے قانونی اصلاحات کمیٹی تشکیل دیدی، کمیٹی قدیم فوجداری قوانین کو جدید اور موثر بنانے کیلئے سفارشات پیش کرے گی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

مزید 45 آئی پی پیز سے مذاکرات کا آغاز، 21 ارب سے زائد کی بچت ہوگی

ان آئی پی پیز میں سولر اور وِنڈ کے پاور پلانٹس وہ بھی شامل ہیں جو غیر ملکی فنڈنگ سے بنے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی ٹاسک فورس کا آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات کا سلسلہ جاری ہے، ٹاسک فورس نے 45 مزید آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات شروع کر لیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

آزاد فلسطین، اسرائیلی قبضے کی حمایت نہیں کی جاسکتی، فضل الرحمٰن

مسجد اقصیٰ اور فلسطین کی آزادی کے لیے فلسطینی عوام کی جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں، سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف)

جے یو آئی) کے سربراہ کی قطر میں حماس کے رہنماؤں سے ملاقات، غزہ و فلسطین کی تازہ صورت حال پر تبادلہ خیال، تعاون کی اپیل

دوحہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کا کہنا ہے کہ فلسطین آزاد ریاست ہے، اسرائیلی قبضے کی حمایت نہیں کی جاسکتی، مسجد اقصیٰ اور فلسطین کی آزادی کے لیے فلسطینی عوام کی جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں، سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) نے قطر میں حماس کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ترجمان نے بتایا کہ یو آئی وفد نے حماس کے سینئر رہنما اسامہ حمدان سے ملاقات کی، حماس کی سیاسی شوریٰ کے سربراہ ابوھمر وذوی قیادت کے رہے تھے۔ اسلم غوری کی کہنا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

بشریٰ بی بی کی آمد کے بعد عمران خان کا جیل میں خرچہ بڑھ گیا

بانی پی ٹی آئی ناشتہ، دوپہر اور رات کے کھانے کا مینیو خود طے کرتے ہیں، ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) بشریٰ بی بی کی اڈیالہ جیل میں آمد کے بعد بانی پی ٹی آئی عمران خان کے اخراجات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ جیل ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی ناشتہ، دوپہر اور رات کے کھانے کا مینیو خود طے کرتے ہیں، ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی جیل میں ماہانہ اخراجات 7 لاکھ روپے تک پہنچ گئے ہیں۔ اس اضافے کی بڑی وجہ بشریٰ بی بی کی جیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: سائوتھ ایشیا والیبال کونسل کے ممالک کا وفد ہیڈ مل کا اسٹیڈیم کا دورہ کر رہا ہے

کوئٹہ؛ 1 سالہ پاکستانی نژاد امریکی لڑکی کا قتل، امریکی سفارتخانے کا پولیس سے رابطہ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں 13 سالہ پاکستانی نژاد امریکی لڑکی کے قتل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

مصطفیٰ قتل کیس؛ ملزم ارمغان کا ریمانڈ نہ دینے والے مختلف جج سے انتظامی اختیارات واپس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان کا ریمانڈ نہ دینے والے مختلف جج سے انتظامی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

گوجرانوالہ؛ زیادتی کے بعد 5 سالہ بچی کے قتل کا ملزم سینہ مقابلے میں ہلاک

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ میں پولیس اور مسلح افراد کے درمیان مقابلے میں بچی سے زیادتی کا ملزم مارا گیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

مسلم لیگ (ن) حکومت کا ایک سال مکمل ہونے پر مختلف مقامات پر جلسے کرنے کا ارادہ رکھتی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) حکومت کا ایک سال مکمل ہونے پر مختلف مقامات پر جلسے کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ذرائع کے مطابق سیکرٹری جنرل کی ہدایات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)



لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز





لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا پر جاری پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں

مریم نواز شریف صوبہ بھر کے کارڈیک ہسپتالوں کی صلاحیت میں واضح بہتری لانا چاہتی ہیں: خواجہ سلمان رفیق

کارڈیک ہسپتالوں میں ایچ آر سی کی کمی کو بھی ترجیحی بنیادوں پر پورا کر رہے ہیں وزیر صحت

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کیئر میڈیسن اینڈ ریسرچ لاہور پر جاری پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کیئر میڈیسن اینڈ ریسرچ لاہور پر جاری پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس میں وائس چانسلر نگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، چیئرمین سیکرٹری ڈویلپمنٹ ڈاکٹر وحید اصغر اور ڈائریکٹر ہارٹ، ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر اشفاق الرحمن اور چیف پلاننگ آفیسر عبدالقادر بھٹی بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں آئی ڈیپ کے اقسران نے تینوں اہم منصوبہ جات پر بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ الحمدللہ پنجاب کی عوام کو بہترین صحت کے تینوں پراجیکٹس کیلئے فنڈز کی کوئی کمی نہیں ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ بھر کے کارڈیک ہسپتالوں کی صلاحیت میں واضح بہتری لانا چاہتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کارڈیک پروگرام کو اٹھارہ ماہ کا کامیاب بنانا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ کارڈیک ہسپتالوں میں ایچ آر سی کی کوئی ترجیحی بنیادوں پر پورا کر رہے ہیں۔ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کیئر میڈیسن اینڈ ریسرچ کے 615 سٹرمز پر مشتمل پہلے فیز پر تیزی سے کام جاری ہے۔ یہ کیئر میڈیسن ہسپتال اپنی نوعیت کا منفرد ہسپتال ہوگا۔ وزیر صحت پنجاب نے کہا کہ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کیئر میڈیسن اینڈ ریسرچ کے کیئر کیمپس کو 30 ستمبر 2025 تک عوام کیلئے کھول دیں گے۔ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا کی اوپی ڈی 30 جون 2025 تک عوام کیلئے کھول دیں گے۔ صحت کے تینوں پراجیکٹس کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے آئی ڈیپ ہیلتھ کیئر کیمپس کا دورہ کرنے والے مریضوں کی آسانی کیلئے کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ وزیر صحت پنجاب نے کہا کہ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کیئر میڈیسن اینڈ ریسرچ کے کیئر کیمپس کو 30 ستمبر 2025 تک عوام کیلئے کھول دیں گے۔ وزیر صحت پنجاب نے کہا کہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 26 فروری 2025ء

معیاری میونسپل سروسز کی فراہمی مقامی حکومتوں کی ذمہ داری ہے: ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن اور کمیٹیز کو میونسپل سروسز کی فراہمی کیلئے فنڈز کیلئے صوبائی حکومت پر انحصار کرنا پڑتا ہے: محمد ذوالقرنین لنگڑیال



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا ہے کہ عوام الناس کو معیاری میونسپل سروسز کی فراہمی مقامی حکومتوں کی بنیادی زمہ داری ہے، ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن اور کمیٹیز کو میونسپل سروسز کی فراہمی کیلئے فنڈز کیلئے صوبائی حکومت پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ اس مسئلہ کے حل کیلئے لوکل گورنمنٹ کے اداروں کی آن سورس ریونیو میں اضافہ کیلئے سب نیشنل گورننس پروگرام کے ساتھ ملکر واٹر سپلائی چارجز، لینڈ یوز کنورژن فیس، بلڈنگ پلان/کنسٹرکشن فیس اور رینٹ آف شاپس کے مارکیٹ ریٹ کے مطابق اضافہ اور کلیکشن کیلئے ریونیو کی مد میں اصلاحات کی جارہی ہیں۔ یہ بات انہوں نے سب نیشنل گورننس پروگرام کے تحت وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ مظفر مختار، اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر، گورننس ایڈوائزر، جویریہ جیلانی، مسٹر ایلن، مسز متی کارٹر، ہینس، انعم حسین، شہزاد احمد ملک، جمال رفیق، فنانس آفیسر ضلع کونسل رانا ثقلین محمود، ایم او فنانس زونیرہ سرفراز، سید عدنان شاہ کے علاوہ لوکل باڈیز کے پلاننگ اور فنانس افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا کہ محصولات کی وصولی کیلئے سروسز کے معیار کو بہتر بنانا ہوگا تاکہ صارفین سروسز کے چارجز خوش دلی سے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ واجبات کی شفاف طریقے سے وصولی کلیکشن کو ڈیجیٹیلائز کیا جانا چاہئے ضروری ہے۔ اجلاس میں ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کے آن سورس ریونیو میں اضافہ کیلئے اسٹاک ٹیک سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا اور مشاورت کی گئی۔

معاشرے میں عدم برداشت ختم کرنا اشد ضروری ہے: خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ

تحمل و بردباری کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ نائب صدر پی پی پنجاب



سیالکوٹ (بیورو چیف) معاشرتی بگاڑ و پولرائزیشن کی وجہ صرف و صرف عدم برداشت ہے۔ ایک دوسرے کی بات سنے اور سمجھے بغیر فوری ردعمل دینا اور ایک دوسرے کی بات برداشت نہ کرنا ہمارے معاشرے کے بگاڑ کی بنیادی وجہ بن چکا ہے۔ ان باتوں کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے نائب صدر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے اپنے کیمپ آفس سیالکوٹ میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام عالم میں آج پاکستان عدم برداشت و پولرائزیشن میں ٹاپ لسٹ ممالک میں آرہا ہے تو اس کی وجہ عدم برداشت اور رواداری و بھائی چارے کا فقدان ہے۔ بطور قوم ہونے کی بجائے ہم سیاسی و مسلکی گروہوں میں بٹ چکے ہیں جس سے نکلنے کیلئے نفرتوں کو ختم کر کے محبت و برداشت اور رواداری اپنانا ہوگی۔ قومی یکجہتی پر عمل پیرا ہو کر ہی پاکستان مستحکم ہوسکتا ہے۔

اے آر سیکنڈری سکول آف سائنس میں سائنس اینڈ کلچرل آرٹ کی نمائش کا اہتمام کیا گیا

دیپال پور (کھسیل رپورٹر) اے آر سیکنڈری سکول آف سائنس میں سائنس اینڈ کلچرل آرٹ کی نمائش کا اہتمام کیا گیا، طلبہ و طالبات کے ماڈلز والدین اور معززین علاقہ کی توجہ کا مرکز بنے رہے صحافیوں، وکلاء، عمائدین علاقہ کا ڈائریکٹر اے آر سیکنڈری سکول آف سائنس سر محمد اسلم ڈولہ اساتذہ اور طلبہ کو خراج تحسین، تفصیلات کے مطابق دیپالپور کے معروف تعلیمی ادارے اے آر سیکنڈری سکول آف سائنس میں سائنس اینڈ آرٹس نمائش کا اہتمام کیا گیا جس میں طلبہ و طالبات کی جانب سے مختلف موضوعات پر مبنی ماڈلز بنائے گئے جو والدین اور معززین علاقہ، وکلاء اساتذہ اور صحافیوں کی توجہ کا مرکز بنے رہے ڈائریکٹر سکول میاں محمد اسلم ڈولہ اور اساتذہ نے بتایا کہ نمائش کا مقصد طلبا و طالبات کے اندر چھپی ہوئی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے اور عملی طور پر بامقصد تعلیم کا اظہار کرنا ہے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہداء پولیس کی ویلفیئر کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہداء پولیس کی ویلفیئر کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد شہید ٹریفک اسسٹنٹ سب انسپکٹر ظفر علی کے گھر گئے۔ ڈی پی او نے شہید کے ورثاء سے ملاقات کی، خیریت دریافت کی اور تحائف دیے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ ہم اپنے شہداء کو نہیں بھولے ہیں۔ شہداء کی قربانیوں سے ہی ملک قائم ہے۔ ملکی سلامتی کے لیے اپنی جانوں کی قربانیاں پیش کرنے والے ہمارے اصل ہیرو ہیں اور ہمارا فخر ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ شہداء کے ورثاء ہماری فیملی ہے اور شہدائے پولیس کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ادبی شخصیت میاں رفیق احمد وٹو کی ریٹائرمنٹ پر استقبالیہ

،اس موقع پر ضلعی ماہرین تعلیم کی خصوصی آمد پر انکا پرتپاک استقبال کیا گیا



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) گزشتہ روز معروف ماہر تعلیم، ٹرینر، مٹیویٹر، سابق سپرنٹنڈنٹ ایجوکیشن آفیسر سکینڈری ایجوکیشن ساہیوال ڈویژن وزیر احمد آفتاب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سکینڈری جمیل احمد رضوی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایسٹیبلشمنٹ ڈاکٹر عطاء محمد ظہیر، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر دیپالپور ریٹائرڈ ثاقب، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ریٹائرڈ خورشید فرید الحسن شاہ، ہائی سکولز ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن ضلع اوکاڑہ، پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول دیپالپور ٹاؤن ہر دلعزیز محبوب سیاسی و سماجی ادبی شخصیت میاں رفیق احمد وٹو کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر انکے اعزاز میں پرتکلف استقبالیہ ظہرانہ زمل میرج ہال پاکپتن روڈ دیپالپور میں زیر اہتمام پرنسپل ادارہ غلام غوث اسد و جملہ سٹاف ممبران دیا گیا، اس موقع پر ضلعی ماہرین تعلیم کی خصوصی آمد پر انکا پرتپاک استقبال کیا گیا، قبل ازیں انہوں نے شجر کاری مہم کا باقاعدہ آغاز ادارہ گورنمنٹ ہائی سکول دیپالپور ٹاؤن میں پودے لگا کر کیا۔ بعد ازاں میاں رفیق احمد وٹو صاحب کی طویل عرصہ تک مثالی تدریسی خدمات پر، بالخصوص گورنمنٹ ہائی اسکول نمبر 1 حویلی لکھا کو مثالی ادارہ بنانے اور انہیں بیسٹ سسٹم کا عطیہ بدست حویلی لکھا کی معروف سماجی شخصیت سابق طالب علم سلیم نذر آف ساؤتھ افریقہ سے دلوانے پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ پنجاب بھر سے تشریف لائے ہوئے آفیسران مینجمنٹ ڈائریکٹرز انچارج فاؤنڈیشن پنجاب و ڈائریکٹر سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال ڈویژن وزیر احمد آفتاب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری جمیل احمد رضوی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر دیپالپور ریٹائرڈ ثاقب، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ریٹائرڈ خورشید فرید الحسن شاہ، ہائی سکولز ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن ضلع اوکاڑہ کے صدر حاجی محمد رفیق ایڈووکیٹ نے کی جبکہ جنرل سیکرٹری محمد آصف رضا اور فنانس سیکرٹری محمد عرفان نے انتظامی امور سرانجام دیے۔ اس موقع پر نو منتخب عہدیداران نے حلف اٹھایا اور برادری کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن خدمت کا عزم کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر حاجی محمد رفیق ایڈووکیٹ نے کہا کہ رحمانی ویلفیئر آرگنائزیشن صرف ایک تنظیم نہیں بلکہ ایک تحریک ہے جو برادری اور غیر برادری کے افراد کی فلاح و بہبود کے لیے سرگرم عمل رہے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ تعلیم کے فروغ کے لیے اسکالرشپس دی جائیں گی۔

چوہدری سخاوت علی ڈگرا کی رہائشگاہ پر مجلس عزا منعقد

اہلبیت کی محبت کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوسکتا: عابد علی عابد



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سرپرست اعلی امن کمیٹی چوہدری سخاوت علی ڈگرا کے والد اور بیٹوں اور چوہدری عاصم ڈگرا چوہدری عزادار حسین ڈگرا چوہدری احسن ڈگرا کے دادا چوہدری قربان ڈگرا اور بھائیوں زاہد عباس ڈگرا اور عزادار حسین ڈگرا کی برسی کے موقع پر ان کے ڈیرے پر مجلس عزا کا انعقاد کیا گیا جس میں علامہ عابد علی عابد اور علامہ شاکر نقوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اہلبیت کی محبت کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوسکتا اللہ کریم نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھرانے کو پاک کر کے قرآن مجید میں اہلبیت کے مقام کو واضح کر دیا ہے ان کی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت کی بے شمار کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں اس موقع پر صدر امن کمیٹی چوہدری صداقت علی ڈگرا شہباز احمد کڑھائی والے چوہدری نیئر ڈگرا طیب ڈگرا نجم ڈگرا اور نگریب پنوں سمیت معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی ذاکر نوید عاشق اور غلام عباس رتن نے اہلبیت کی شان میں مناقبت پڑھیں مرحومین کی بخشش اور مغفرت کے لئے قرآن خوانی اور خصوصی دعائیں کراوئی گئیں۔

نارووال وفاقی وزیر احسن اقبال نے 3 روزہ رنگا رنگ سپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کر دیا

مجھے بڑی خوشی ہے کہ یونیورسٹی آف نارووال نے نارووال سپورٹس سٹیڈیم میں 3 روزہ سپورٹس گالا کا اہتمام کیا ہے: وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی



شکرگڑھ (عمران عارف مہدی سے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے یونیورسٹی آف نارووال کے تحت ہونے والے 3 روزہ رنگا رنگ سپورٹس فیسٹیول کا نارووال سپورٹس سٹی میں افتتاح کر دیا طلبہ و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ مجھے بڑی خوشی ہے کہ یونیورسٹی آف نارووال نے نارووال سپورٹس سٹیڈیم میں 3 روزہ سپورٹس گالا کا اہتمام کیا ہے نارووال سپورٹس سٹی وہ منصوبہ ہے جس میں نوجوان کو جدید تربیت سے کھیلنے کا موقع فراہم ہوگا اس منصوبے کو بنانے کے جرم میں عمران خان نے مجھے ڈھائی ماہ قید میں رکھا اور مجھے انتقامی کاروائی کا ہی نشانہ نہیں بنایا بلکہ اسنصو نے کے فنڈز بند کر کے 5 سال کام کو روکے رکھا جس سے اس کا باقی ماندہ کام جو 80 کروڑ کی لاگت سے مکمل ہونا تھا اب اس کا تخمینہ تقریباً سوا 2 ارب تک جا پہنچا ہے جو اس ملک کی غریب عوام ٹیکوں کی صورت میں ادا کریں گے لیکن ہم پر امید ہیں اسی سال ہی ہم اس کا باقی ماندہ کام مکمل کر کے نارووال سپورٹس سٹی کو پاکستان میں کھیلوں کا ایک ایسا جدید مرکز ہوگا جہاں پر مستقبل کے ارشد ندیم انشاءاللہ ہوں گے اور یہاں پر مقامی نوجوان کو ہی نہیں ملک کے نوجوان کو اس کھیل کی سہولت کو اپنی تربیت اور صلاحیتوں کو دیکھانے کا موقع ملے گا لوکل گیمز کے علاوہ ہمارے قومی بلکہ بین الاقوامی ٹیمیں بھی انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب وہ یہاں آکر کھیلیں گے ہمارا تمام ویژن یہی ہے کہ نوجوان کو تعلیم کی سکلیز کی اور سپورٹس کی بہترین سہولیات اور مواقع فراہم کئے جائیں گے چونکہ پاکستان کا مستقبل نوجوان ہیں نوجوان ہمارا اثاثہ تب ہی بنیں گے ہم ان کو مثبت انداز میں آگے بڑھانے کے موقع ملیں۔ ہم نوجوانوں کو گالی گلوچ اور نفرت سے لیس نہیں کرنا چاہتے ہم

حافظ آباد: ہونہار پیوت محمد وقاص بھٹی نے پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ آرکیالوجی میں فسٹ پوزیشن حاصل کر لی

اس سلسلہ میں انہیں پرووائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی خالد محمود کی جانب سے گولڈ میڈل دیا گیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کو ہونہار پیوت محمد وقاص بھٹی نے پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ آرکیالوجی میں فسٹ پوزیشن حاصل کرنے کے بعد گولڈ میڈل حاصل کر لیا۔ اس سلسلہ میں انہیں پرووائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی خالد محمود کی جانب سے گولڈ میڈل دیا گیا۔ محمد وقاص بھٹی گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 حافظ آباد کے ریٹائرڈ پرنسپل غلام دستگیر بھٹی کے بیٹے ہیں۔ وہ اس سے قبل گوجرانوالہ بورڈ میں ایف اے کے امتحان میں سیکنڈ اور پنجاب یونیورسٹی میں ایم اے پولیٹیکل سائنس کے امتحانات میں تھرڈ پوزیشن حاصل کر کے ضلع کا نام روشن کر چکے ہیں۔ گولڈ میڈل حاصل کرنے والے محمد وقاص بھٹی نے بتایا کہ انکی اس کامیابی میں انکے اساتذہ چیئرمین شعبہ آرکیالوجی ڈاکٹر محمد حمید، اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عفقت شاہین، اسسٹنٹ پروفیسر نفیس احمد، اسسٹنٹ پروفیسر سمعیہ طاہر اور انکے والدین کا بڑا ہاتھ ہے جبکہ وہ تھیسز کی سپروائزر ڈاکٹر عفقت شاہین جنھوں نے انہیں ہر موقع پر سپورٹ کیا وہ انکے دلی مشکور ہیں۔ سعد بھٹی کا مزید کہنا تھا کہ وہ اب مقابلہ کے امتحان میں شامل ہونے کے بعد سول سروسز جائن کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

سینئر صحافی چوہدری جاوید اقبال ہنجرا اقضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

نماز جنازہ میں سابق چیئرمین پریس کلب چوہدری محمد اشرف، جنرل سیکرٹری نوید غنی چوہدری و دیگر کی شرکت

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) سینئر صحافی ممبر پریس کلب رجسٹرڈ ساہیوال چوہدری جاوید اقبال ہنجرا قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے انکی نماز جنازہ انکے آبائی گاؤں 39 / 4 الف میں ادا کی گئی اور انھیں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں سابق چیئرمین پریس کلب چوہدری محمد اشرف، جنرل سیکرٹری نوید غنی چوہدری، فنانس سیکرٹری راؤ عتیق ممبران پریس کلب ڈاکٹر آصف رشید چوہدری، آصف وصلی، و دیگر صحافیوں کے علاوہ سیاسی شخصیات، وکلاء اور علاوہ معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی



ضلع گوجرانوالہ میں میگا فارمر گیدرنگ (یوم کاشتکاران) پروگرام کا اہتمام کیا گیا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) چیف ایگریکلچر آفیسر/ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ ڈاکٹر شکیل احمد اور پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ محمد اعظم مغل کی زیر صدارت ڈیرہ نثار احمد خاں واقع گاؤں سوئیاں یوسی جلال بلگن مرکز تحصیل و ضلع گوجرانوالہ میں میگا فارمر گیدرنگ (یوم کاشتکاران) پروگرام کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت پی ڈبلیو اینڈ یو سی پی) تلفور الحسن، اے او توسیع حافظ عنایت اللہ، اے ای ممتاز اللہ ڈوگر، فارمرز پروفیسر اللہ دتہ رانا نثار خان، رانا عادش نثار خان اور مقامی زرعی ماہرین سمیت علاقہ بھر کے ترقی پسند کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کی پروگرام کے شرکاء سے ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر شکیل احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کسانوں کی بہبود کے لئے بھرپور کوشاں ہیں اور اس سلسلہ میں متعدد اقدامات کر رہی ہیں جن میں کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر سکیم، سولرائزیشن اور گندم کے پیداواری مقابلوں کا انعقاد شامل ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت (توسیع) کی طرف سے جاری کردہ سفارشات پر عمل کر کے ہی کاشت کار اچھی پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا پیپلز کالونی ماڈل بازار کا دورہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) وزیر اعلی پنجاب رمضان ریلیف پروگرام سہولت کاؤنٹرز کے قیام کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا پیپلز کالونی ماڈل بازار کا دورہ۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی احکامات پر رمضان المبارک میں ماڈل بازار گوجرانوالہ میں رمضان سہولت سٹالز قائم کئے جائیں گے، 16 اشیائے ضروریہ مارکیٹ سے بھی 10 فیصد تک سستی (سبزی منڈی ریٹ) پر دستیاب ہوں گی، رمضان المبارک سے 03 روز قبل بازار فعال کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ ماڈل بازار انتظامیہ کو ماہ مقدس میں صارفین تک حکومتی ریلیف کی فراہمی میں مکمل معاونت فراہم کرے گی۔

موصول ہونے والی درخواستوں کو تیس دن میں نمٹا دیا جائے گا

عوام لازمی کھلی کچہری میں شرکت کیا کرے تاکہ عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر سکیں، تنویر اقبال تبسم

میاں چنوں (اشعر نعمان) موصول ہونے والی درخواستوں کو تیس دن میں نمٹا دیا جائے گا عوام لازمی کھلی کچہری میں شرکت کیا کرے تاکہ عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر سکیں، تنویر اقبال تبسم تفصیلات کے مطابق صوبائی اداروں سے متعلقہ عوامی شکایات کے ازالہ کے لئے ایڈوائزر دفتر محتسب پنجاب خانیوال کی جانب سے میونسپل کمیٹی میاں چنوں کے زیر ایاں میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈوائزر محتسب خانیوال تنویر اقبال تبسم نے صوبائی محکمہ جات سے متعلقہ درجنوں مرد و خواتین نے محکمہ پولیس، محکمہ ریونیو، محکمہ بلدیہ اور سوشل ویلفیئر کے خلاف تحریری درخواستیں جمع کروائیں، اس موقع پر درخواست گزاروں کی شکایات سنیں گئیں اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تنویر اقبال تبسم کا کہنا تھا عوامی مسائل کے حل کے لئے صوبائی محتسب کے حکم پر ہر ماہ ڈسٹرکٹ خانیوال کی تحصیل سطح پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوگا اور کھلی کچہری میں عوام کی طرف سے تحریری طور پر دی جانے والی درخواستیں 30 دن کے اندر نمٹا دی جائیں گی اور حقائق پر مبنی درخواستوں پر ہر صورت کاروائی کی جائے گی ان کا مزید کہنا تھا عوام اپنی شکایات بزریعہ ای میل بھی بھیج سکتے ہیں تجاوزات کے حوالہ سے ان کا کہنا تھا کہ شہروں کی خوبصورتی اور سڑکوں کی کشادگی کے لئے تجاوزات ہر صورت ختم ہونی چاہیے۔

جہلم: ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کی جہلم پریس کلب کے عہدیداران و ممبران سے ملاقات

تھرا پنجاب انسداد تجاوزات مہم اور ضلع میں دیگر ترقیاتی کاموں پر میڈیا ممبران کو آگاہی دی



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کی جہلم پریس کلب کے عہدیداران و ممبران سے ملاقات تھرا پنجاب انسداد تجاوزات مہم اور ضلع میں دیگر ترقیاتی کاموں پر میڈیا ممبران کو آگاہی دی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے جہلم پریس کلب کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ خصوصی میڈیا سیشن کا انعقاد کیا اس موقع پر جہلم پریس کلب کے چیئرمین چوہدری عابد محمود سینئر نائب صدر ڈاکٹر ملک اعجاز اعوان نائب صدر مرزا قدیر بیگ جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو جائنٹ سیکرٹری چوہدری تصور حسین فنانس سیکرٹری شہریار علی راجہ سابق جنرل سیکرٹری وسیم قریشی، غلام قادر مخلص سید ارلیکٹرانک میڈیا مرکیانی سابق جنرل سیکرٹری سید تنویر فیض اقبال بخاری خاتون جرنلسٹ سائمہ سحر عبدالرحمن قادری، سلطان رضوی شیخ زیدی چوہدری محمد سعید چوہدری دانیال عابد شیخ زوالفقار علی شہریار علی راجہ مرزا فاران۔ بیگ وسیم قریشی فضل حسین خان طاہر محمود انیس الرحمن بٹ اسماعیل افتخار سمیت دیگر بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر نے جہلم پریس کلب کے ممبران کو ضلع جہلم میں جاری انسداد تجاوزات مہم تھرا پنجاب کے حوالے سے صفائی کے انتظامات اور راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے کنٹریکٹ پر میڈیا ارا کین کو آگاہی دی اس موقع پر ڈی سی جہلم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت کی خصوصی توجہ سے ضلع جہلم میں درجنوں فلاحی اور ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جن پر تیزی سے کام جاری ہے ضلعی حکومت کا خصوصی فوکس تجاوزات کو ہٹانا اور شہریوں کے لیے آمد و رفت کے راستوں کو بہتر بنانا ہے جبکہ تھرا پنجاب کے تحت گلی محلوں کی صفائی کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے میڈیا کے سوالات کے جواب میں کہا کہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے نصف کے قریب سینٹری ورکر بھرتی کیے جا چکے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی ہدایت پر محکمہ زراعت حافظ آباد کی ٹیم کا چھاپہ

جعلی کھاد فروخت کرنے پر تین افراد عاشق حسین، محمد عمر اور عرفان احمد کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے انکے خلاف مقدمہ درج کروا دیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی ہدایت پر محکمہ زراعت حافظ آباد کی ٹیم نے نواحی گاؤں ٹھٹھہ لنگر میں چھاپہ مار کر جعلی کھاد فروخت کرنے والے تین ملزمان کو موقع سے گرفتار کر کے انکے خلاف مقدمہ درج کروا دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد یوسف، زراعت آفیسر فراز احمد اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت پنڈی بھٹیاں نے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر جعلی کھاد فروخت کرنے والوں کے خلاف کاروائی کی۔ ڈپٹی کمشنر پنڈی بھٹیاں کے گاؤں ٹھٹھہ لنگر میں کاروائی کرتے ہوئے جعلی کھاد فروخت کرنے پر تین افراد عاشق حسین، محمد عمر اور عرفان احمد کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے انکے خلاف مقدمہ درج کروا دیا۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے بنیادی مرکز صحت چک 134 لونیکا دورہ کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے بنیادی مرکز صحت چک 134 لونیکا دورہ کیا اور مرکز صحت میں طبی و انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری چیک کیا و ادویات کی دستیابی اور ریکارڈ دیکھا۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود مریضوں سے علاج معالجہ کی سہولیات بارے دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ کچی سطح پر مریضوں کو علاج معالجہ کی تیز رفتار طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے ہیلتھ مراکز بڑی اہمیت کے حامل ہیں لہذا مریضوں کو علاج اور ادویات نہ ملنے کی شکایت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز و سٹاف حاضری یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مرکز صحت کی اپ گریڈیشن کے جاری کاموں کی بھی انسپکشن کی اور ہدایت کی کہ تعمیراتی عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کے مراکز صحت کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے اور صحت کی سہولیات عوام کی دہلیز پر پہنچانا مشن ہے۔

ڈپٹی کمشنر عمران علی کا بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال کا اچانک دورہ

قصور (بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر عمران علی کا بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال کا اچانک دورہ، مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات کا جائزہ لیا، وزیر اعلی کے ویژن کیمطابق لوگوں کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ عملی طور پر کوشاں ہے، ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کا بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال کا اچانک دورہ، مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات، میڈیسن کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور ڈاکٹرز و پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری کو چیک کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال کا اچانک دورہ کر کے ایمرجنسی، آؤٹ ڈور، میڈیکل، سرجیکل، بچہ وارڈ، کارڈیالوجی وارڈ، ایکسرے روم، میڈیسن سٹور سمیت دیگر وارڈز اور شعبوں میں ڈاکٹرز و پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی اور شہریوں کو فراہم کردہ طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور فراہم کردہ طبی سہولیات بارے دریافت کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کیمطابق لوگوں کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے عملی طور پر کوشاں ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے ڈاکٹرو پیرا میڈیکل سٹاف اور دیگر عملہ کو اپنی ڈیوٹی کو ایمانداری کیساتھ سرانجام دینے کی ہدایت کی۔

ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے سخت مانیٹرنگ کی جائے گی: ڈپٹی کمشنر



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا ہے کہ ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے سخت مانیٹرنگ کی جائے گی۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے جس کیلئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ذمہ داری ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں کا دورہ کریں اور مقررہ نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ وہ یہاں منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے، جس میں اسسٹنٹ کمشنرز، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، پرائس کنٹرول میکانزم اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں رپورٹ پیش کی گئی کہ گزشتہ پندرہ دن کے دوران مختلف بازاروں اور مارکیٹوں میں چھاپے مار کر متعدد دکانداروں کو مقررہ نرخوں سے تجاوز کرنے پر جرمانے کیے گئے جبکہ کئی افراد کے خلاف قانونی کارروائی بھی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے میکانزم کو مزید موثر بنایا جائے اور قیمتوں کے حوالے سے مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھی جائے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ رمضان المبارک کے پیش نظر بازاروں میں اشیاء کی وافر دستیابی یقینی بنائی جائے اور کسی بھی قسم کی مصنوعی قلت یا قیمتوں میں ناجائز اضافے کی کوشش کرنے والے عناصر کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اجلاس میں تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو سخت ہدایات جاری کی گئیں کہ وہ اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں اور عوامی ریلیف کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدام کریں۔

محکمہ سول ڈیفنس کے افسران کی کریانہ شاپس پر چینی کے سٹاک کی چیکنگ



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محکمہ سول ڈیفنس کے افسران کی کریانہ شاپس پر چینی کے سٹاک کی چیکنگ، سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے مختلف مقامات پر کریانہ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

معیشت کی بہتری کے لیے ٹیکس ریفارمز کی ضرورت

پاکستان کا شمار دنیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں عام آدمی اور تنخواہ دار طبقے کے ٹیکس دینے کی شرح بہت زیادہ ہے۔ اس بات کا اعتراف خود حکومت بھی کئی بار کر چکی ہے اور بیرونی ادارے بھی اس حوالے سے کئی رپورٹیں شائع کر چکے ہیں۔ اس کے باوجود حکومت اپنی آمدن بڑھانے کے لیے مزید ٹیکس بھی عام آدمی اور تنخواہ دار طبقے پر ہی لگاتی ہے اور ان طاقتور طبقات کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کیے جاتے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر حکومت کے ٹیکس کے ذریعے آمدن بڑھانے کے منصوبے ناکام ہوتے رہے ہیں اور قابلِ قیاس مستقبل میں اس مسئلے کو کوئی حل نکلتا دکھائی نہیں دیتا۔ موجودہ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اپنے پیشروؤں کی طرح دعوے تو بہت سے کرتے ہیں لیکن ان کا بھی سارا زور عوام پر ہی چلتا ہے، لہٰذا ان کی طرف سے ابھی تک کوئی ایک بھی اقدام ایسا نہیں کیا گیا جس کے ذریعے طاقتور طبقات کو ٹیکس نیٹ میں لائے جانے کا امکان پیدا ہوا ہو۔ ہفتے کو فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ملک بھر کے چیمبرز کے صدور اور تاجر لیڈروں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ نے ایک بار پھر اس بات کا اعتراف کیا کہ اس وقت تنخواہ دار طبقہ اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں پر ٹیکسوں کا سب سے زیادہ بوجھ ہے، اس نظام کو منصفانہ اور پائیدار بنانے کے لیے فوری اقدامات کرنا ہوں گے۔ ملکی معیشت درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے لیکن مجموعی قومی پیداوار) جی ڈی پی (کے مقابل ٹیکس کی شرح 9 سے 10 فیصد ہے جس پر ملک کو چلایا نہیں جا سکتا ہے۔ زراعت، رئیل اور دوسرے کئی شعبے ملکی معیشت میں اپنا حصہ نہیں ڈال رہے۔ 75 سالہ تاریخ میں پہلی بار زرعی ٹیکس کا نفاذ کیا جا رہا ہے۔ محمد اورنگزیب کا مزید کہنا تھا کہ بار بار ہم بین الاقوامی مالیاتی فنڈ) آئی ایم ایف (کے پاس اس لیے جاتے ہیں کہ ہماری معیشت مضبوط ہو جائے۔ آئی ایم ایف کہتا ہے ہم مزید پیسے دینے کے لیے تیار ہیں لیکن آپ ٹیکس ریفارمز کریں، تنخواہ دار طبقے پر بہت بوجھ پڑا ہے، چاہتے ہیں کہ اسے کم کیا جائے۔ وفاقی وزیر خزانہ کا یہ کہنا درست ہے کہ ہمارے ملک میں جی ڈی پی کے مقابل ٹیکس کی شرح کم ہے اور اسے بڑھانے جانے کی ضرورت ہے لیکن وہ شاید یہ بھول رہے ہیں کہ اس مسئلے کا حل فراہم کرنے کے لیے ہی انھیں وفاقی سطح پر خزانہ اور محصولات کے محکموں کا قلمدان سونپا گیا ہے۔ وہ بیانات اور تقریروں کے ذریعے مطالبات کرنے کی بجائے وہ ٹھوس اقدامات کریں جن کی مدد سے ٹیکس وصولی کا حجم بڑھایا اور معیشت کو مستحکم بنایا جا سکتا ہے۔ بار بار یہ کہنا کہ تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس کا بوجھ زیادہ ہے اور اسے کم کرنے کے لیے اقدامات نہ کرنا، عام آدمی کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ تنخواہ دار طبقہ بلا واسطہ اور بالواسطہ دونوں حوالوں سے بہت زیادہ ٹیکس ادا کر رہا ہے اور اس کے مقابلے میں اسے جو کچھ مل رہا ہے اسے، انگریزی محاورے کے مطابق، مونگ پھلی کے دانے قرار دیا جا سکتا ہے۔ محصولات کے ضمن میں ہی ایک اہم خبر یہ ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال 26-2025 کے لیے بجٹ میں کاربن لیوی عائد کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ آئی ایم ایف وفد کے ساتھ آئندہ مذاکرات کے دوران اس حوالے سے ابتدائی مسودے پر بات ہوگی۔ کاربن لیوی عائد کرنے کے لیے آئی ایم ایف کی جانب سے تجاویز فراہم کی جائیں گی۔ موسمیاتی تبدیلی فنڈ کے حوالے سے 24 سے 28 فروری تک آئی ایم ایف کا تکنیکی وفد وفاق اور صوبوں کے ساتھ مذاکرات کرے گا۔ آئی ایم ایف وفد اور حکومت کے درمیان گرین بجٹنگ، کلائمیٹ سپینڈنگ، ٹیگنگ، ٹریکنگ اور رپورٹنگ پر مذاکرات ہوں گے۔ مذاکرات میں کاربن لیوی عائد کرنے، الیکٹریکل وہیکل اور سبسڈی پر بھی بات چیت ہو گی۔ آئی ایم ایف وفد آئندہ بجٹ میں گرین بجٹنگ کو وسیع کرنے کے لیے تجاویز بھی دے گا۔ ادھر، وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے ڈیرہ غازی خان میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت اب بہتری کی جانب گامزن ہے، نواز شریف کا ویژن صرف پاکستان کی ترقی ہے، پنجاب کی ترقی نواز شریف کے دور میں ہوئی اور اب ان کی بیٹی مریم نواز شریف پنجاب کے عوام کی خدمت کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے عوام کی خدمت کے لیے دن رات ایک کیا، میں نے بھی صحت، تعلیم اور انڈسٹری کی ترقی کے لیے وزیرِ اعلیٰ کے بجائے خادمِ اعلیٰ کی حیثیت سے کام کیا۔ میرے لیے تمام صوبے برابر ہیں، سندھ، بلوچستان، پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان کی ترقی میرا عزم ہے، ہم پاکستان کی تقدیر کو بدلیں گے۔ وزیرِ اعظم نے مزید کہا کہ بجلی کے بلوں میں کمی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ آج مہنگائی 40 فیصد سے 2.4 فیصد کی سطح پر آ گئی ہے۔ بینکوں کی شرح سود 22 فیصد سے 12 فیصد پر آ گئی ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اب ترقی و خوشحالی کا دور شروع ہوگا، باوقار روزگار ملے گا، صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر ملک کی ترقی کے لیے محنت کر رہے ہیں، پاکستان قرضوں کے ساتھ ترقی نہیں کرے گا، دعا کریں قرضے ختم ہو جائیں۔ وفاقی وزیر خزانہ کی طرح وزیرِ اعظم نے بھی بہت سی ایسی باتیں کہہ دیں جن کے کہنے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ وہ حکومت کے سربراہ ہیں، انھیں چاہیے کہ وہ یہ سب کچھ کہنے کی بجائے پالیسیاں بنائیں اور ٹھوس اقدامات کریں تاکہ عام آدمی کو بہتری نظر آئے۔ یہ ٹھیک ہے کہ حکومتی اعداد و شمار میں مہنگائی کی شرح کم ہوئی ہے اور بینکوں کی شرحِ سود میں بھی کمی آئی ہے لیکن اس سب سے عام آدمی کا معاشی بوجھ تو ہرگز کم نہیں ہوا۔ آج بھی ضروری اشیا کی قیمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ عام آدمی کے لیے گھر چلانا نہایت مشکل ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ مہنگائی صرف کاغذوں میں ہی کم نہ کرے بلکہ منڈیوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی کمی لائے۔ مزید یہ کہ حکومت اگر واقعی ٹیکس نیٹ کو بڑھانے کے لیے سنجیدگی رکھتی ہے تو اسے عام آدمی اور تنخواہ دار طبقے کی بجائے ان طبقات کی طرف رخ کرنا ہوگا جن کے ٹیکس ادا نہ کرنے کی وجہ سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔

گندم مافیا کو وقت سے پہلے قابو کرنا ضروری ہے

پاکستان کو 2025 میں گندم کے شدید بحران کا سامنا ہے، جس کی وجہ مختلف عوامل ہیں۔ ملک کا زرعی شعبہ جو کہ معیشت کی جی ڈی پی کا 22.7 فیصد ہے، گندم کی پیداوار میں کمی کا سامنا کر رہا ہے، جو 2021 میں 27,464 ٹن سے 2022 میں 26,394 ٹن تک پہنچ گئی۔ اس سال یہ مشکلات مذید بڑھیں گی حکومت کو قبل از وقت مافیا کو کنٹرول کرنے اور غریب عوام کو سستے آٹے کی آسان فراہمی پر کام کرنے کی ضرورت ہے ورنہ یہ مافیا غریبوں کا تو بھرکس نکالے گا ہی حکومت کے لیے باعث ندامت ہوگی۔ ناقص آبپاشی کے نظام اور ماحولیاتی عوامل: 2022 کے سیلاب نے زراعت کے شعبے پر منفی اثر ڈالا، جس کے نتیجے میں گندم کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی۔ مہنگائی میں اضافہ: بڑھتی ہوئی مہنگائی نے صارفین کی قوت خرید کو کم کر دیا ہے، جس سے کسانوں کے لیے کھادوں اور بیجوں جیسے سامان کو برداشت کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ غیر مستحکم بین الاقوامی منڈی: جاری روس، یوکرین تنازعہ نے گندم کی عالمی سپلائی میں خلل ڈالا ہے، جس کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ آئین میں 18ویں ترمیم نے صوبائی اداروں کے درمیان ہم آہنگی کے چیلنجز کو جنم دیا ہے، جس سے قیمتوں کا انتظام اور استحکام متاثر ہوا ہے۔ ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی نہ ہونے سے بحران مزید بڑھ گیا ہے۔ تو قع ہے کہ گندم کے بحران سے پاکستان کی معیشت اور غذائی تحفظ پر اہم اثرات مرتب ہوں گے۔ حکومت کا مالی سال 2025 جی ڈی پی کی شرح نمو 3.5 فیصد کا ہدف تیزی سے ناقابل حصول دکھائی دیتا ہے، اور ملک کو خوراک کی مہنگائی اور اس کے نتیجے میں اجرت کے دباو کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بحران سے نمٹنے کے لیے حکومت کو ایسی پالیسیاں نافذ کرنے کی ضرورت ہے جو سستی قیمتوں پر گندم کی دستیابی کو یقینی بنائے، زرعی پیداوار کو بہتر بنائے اور کسانوں کو مدد فراہم کرے۔ پاکستان کو پانی کے انتظام اور بیجوں کے شدید بحران کا سامنا ہے، جو ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ملک کی غذائی تحفظ کو متاثر کرتے ہیں۔ پانی کا بحران کئی طریقوں سے ظاہر ہوتا ہے، جس میں پانی کی فراوانی والے ملک سے پانی کے دباو والے ملک میں زبردست تبدیلی شامل ہے زیرِ زمین پانی کے وسائل کو بہت زیادہ نکالا جا رہا ہے، بنیادی طور پر آبپاشی کے مقاصد کے لیے۔ دستیاب پانی کا صرف دو تہائی استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ ایک تہائی ضائع یا سمندر میں خارج ہو گیا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی پانی کی کمی کو بڑھا رہی ہے، خاص طور پر زرعی بیجوں کی دستیابی اور معیار اہم خدشات ہیں، جو فصل کی پیداوار اور خوراک کی حفاظت کو متاثر کرتے ہیں۔ پاکستان درآمد شدہ بیجوں پر بہت زیادہ انحصار کرتا ہے، جو اسے عالمی قیمتوں میں اتار چڑھاو اور سپلائی چین میں رکاوٹوں کا شکار بناتا ہے۔ پانی کے انتظام کے موثر طریقوں کو نافذ کرنا، جیسے پانی کی کٹائی اور تحفظ، پانی کے بحران کو کم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں، موسمیاتی تبدیلیوں اور ماحولیاتی چیلنجوں کے مقابلے میں پائیداری، کارکردگی اور لچک کو فروغ دے سکتے ہیں۔ حکومت عوام کی خدمت اگر اس جذبے سے کریں کہ عوام آسودہ زندگی گزار سکیں تو طویل مدتی منصوبے اور سیاسی مفادات سے بالاتر فیصلے اور آئندہ انتخابات جیتنے یا ہارنے کے غم سے الگ ہو کر کرنے چاہئیں یہ اصلاحات مدتوں قوم کے کام آئیں گی اور کسان خوشحال اور باوقار پاکستان انشا اللہ ملک میں کبھی گنے کبھی سبزیوں، کبھی فروٹس اور کبھی چاول کی کمی ملک کے عوام کو کمی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا بنیادی ضرورت کو معیاری نرخوں میں فراہم کیا جا سکتا ہے اور ملک ایکسپورٹ کر کے زرمبادلہ کے ذریعہ بن سکتے ہیں قوموں کی ترقی کے لیے اقدامات ہی ملک اور قوم کی تقدیر بدلی جا سکتی ہے۔ پاکستان کو 2025 میں گندم کے شدید بحران کا سامنا ہے، جس کی وجہ مختلف عوامل ہیں۔ ملک کا زرعی شعبہ جو کہ معیشت کی جی ڈی پی کا 22.7 فیصد ہے، گندم کی پیداوار میں کمی کا سامنا کر رہا ہے، جو 2021 میں 27,464 ٹن سے 2022 میں 26,394 ٹن تک پہنچ گئی۔ اس سال یہ مشکلات مذید بڑھیں گی حکومت کو قبل از وقت مافیا کو کنٹرول کرنے اور غریب عوام کو سستے آٹے کی آسان فراہمی پر کام کرنے کی ضرورت ہے ورنہ یہ مافیا غریبوں کا تو بھرکس نکالے گا ہی حکومت کے لیے باعث ندامت ہوگی۔ ناقص آبپاشی کے نظام اور ماحولیاتی عوامل: 2022 کے سیلاب نے زراعت کے شعبے پر منفی اثر ڈالا، جس کے نتیجے میں گندم کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی۔ مہنگائی میں اضافہ: بڑھتی ہوئی مہنگائی نے صارفین کی قوت خرید کو کم کر دیا ہے، جس سے کسانوں کے لیے کھادوں اور بیجوں جیسے سامان کو برداشت کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ غیر مستحکم بین الاقوامی منڈی: جاری روس، یوکرین تنازعہ نے گندم کی عالمی سپلائی میں خلل ڈالا ہے، جس کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ آئین میں 18ویں ترمیم نے صوبائی اداروں کے درمیان ہم آہنگی کے چیلنجز کو جنم دیا ہے، جس سے قیمتوں کا انتظام اور استحکام متاثر ہوا ہے۔ ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی نہ ہونے سے بحران مزید بڑھ گیا ہے۔ تو قع ہے کہ گندم کے بحران سے پاکستان کی معیشت اور غذائی تحفظ پر اہم اثرات مرتب ہوں گے۔ حکومت کا مالی سال 2025 جی ڈی پی کی شرح نمو 3.5 فیصد کا ہدف تیزی سے ناقابل حصول دکھائی دیتا ہے، اور ملک کو خوراک کی مہنگائی اور اس کے نتیجے میں اجرت کے دباو کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بحران سے نمٹنے کے لیے حکومت کو ایسی پالیسیاں نافذ کرنے کی ضرورت ہے جو سستی قیمتوں پر گندم کی دستیابی کو یقینی بنائے، زرعی پیداوار کو بہتر بنائے اور کسانوں کو مدد فراہم کرے۔ پاکستان کو پانی کے انتظام اور بیجوں کے شدید بحران کا سامنا ہے، جو ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ملک کی غذائی تحفظ کو متاثر کرتے ہیں۔ پانی کا بحران کئی طریقوں سے ظاہر ہوتا ہے، جس میں پانی کی فراوانی والے ملک سے پانی کے دباو والے ملک میں زبردست تبدیلی شامل ہے زیرِ زمین پانی کے وسائل کو بہت زیادہ نکالا جا رہا ہے، بنیادی طور پر آبپاشی کے مقاصد کے لیے۔ دستیاب پانی کا صرف دو تہائی استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ ایک تہائی ضائع یا سمندر میں خارج ہو گیا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی پانی کی کمی کو بڑھا رہی ہے، خاص طور پر زرعی بیجوں کی دستیابی اور معیار اہم خدشات ہیں، جو فصل کی پیداوار اور خوراک کی حفاظت کو متاثر کرتے ہیں۔ پاکستان درآمد شدہ بیجوں پر بہت زیادہ انحصار کرتا ہے، جو اسے عالمی قیمتوں میں اتار چڑھاو اور سپلائی چین میں رکاوٹوں کا شکار بناتا ہے۔ پانی کے انتظام کے موثر طریقوں کو نافذ کرنا، جیسے پانی کی کٹائی اور تحفظ، پانی کے بحران کو کم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں، موسمیاتی تبدیلیوں اور ماحولیاتی چیلنجوں کے مقابلے میں پائیداری، کارکردگی اور لچک کو فروغ دے سکتے ہیں۔ حکومت عوام کی خدمت اگر اس جذبے سے کریں کہ عوام آسودہ زندگی گزار سکیں تو طویل مدتی منصوبے اور سیاسی مفادات سے بالاتر فیصلے اور آئندہ انتخابات جیتنے یا ہارنے کے غم سے الگ ہو کر کرنے چاہئیں یہ اصلاحات مدتوں قوم کے کام آئیں گی اور کسان خوشحال اور باوقار پاکستان انشا اللہ ملک میں کبھی گنے کبھی سبزیوں، کبھی فروٹس اور کبھی چاول کی کمی ملک کے عوام کو کمی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا بنیادی ضرورت کو معیاری نرخوں میں فراہم کیا جا سکتا ہے اور ملک ایکسپورٹ کر کے زرمبادلہ کے ذریعہ بن سکتے ہیں قوموں کی ترقی کے لیے اقدامات ہی ملک اور قوم کی تقدیر بدلی جا سکتی ہے۔ پاکستان کو 2025 میں گندم کے شدید بحران کا سامنا ہے، جس کی وجہ مختلف عوامل ہیں۔ ملک کا زرعی شعبہ جو کہ معیشت کی جی ڈی



ہماری کرکٹ کے "بادشاہ"۔



کرکٹ سے مکمل عدم دلچسپی کے باوجود ہفتے کی دوپہر دوبئی میں پاکستان اور بھارت کے مابین ہوا ایک روزہ میچ پہلی گیند سے آخری گیند تک دیکھا ہے۔ بھارت یہ میچ جیت گیا۔ اس کی جیت سے میں ہرگز اداس نہیں ہوا۔ کسی بھی کھیل میں ہار یا جیت فقط ایک فریق کا مقدر ہی ہوسکتی ہے۔ بنیادی سوال یہ اٹھتا ہے کہ کون کس دھج سے ہارا یا جیتا۔ اس تناظر میں میچ کا جائزہ لیتے ہوئے یہ لکھنے کو مجبور محسوس کر رہا ہوں کہ پاکستان کی ٹیم میچ کے آغاز ہی میں جی ہارے چپروں کے ساتھ میدان میں اتری تھی۔ بھارت نے بھی کرکٹ کو بائی چانس نہیں رہنے دیا ہے۔ اس کے کھلاڑیوں کا اعتماد اپنی جگہ قابل ستائش تھا۔ اس اعتماد کی وجوہات بھی بیان کی جاسکتی ہیں۔ ہفتے کے روز ہوئے میچ کو انہوں نے جذبات نہیں کرکٹ کی تکنیک پر مہارت سے جیتا۔ شاذ ہی ایسے لمحے آنے دئے جہاں میچ ان کے کھلاڑیوں کی دسترس سے باہر نکلتا محسوس ہو۔ کرکٹ سے تکنیکی اعتبار سے ناواقف ہونے کے باوجود پاکستان کی اننگز ختم ہوتے ہی سمجھ گیا تھا کہ بھارت کو آسان ہدف ملا ہے۔ اس کے باوجود میچ آخری لمحے تک دیکھا تو بنیادی طور پر یہ جاننے کے لئے کہ آسان نظر آتے ہدف کے حصول کے لئے بھارتی کھلاڑی اتاولا پن دکھائیں گے یا دھیرے دھیرے کوئی چانس لئے بغیر میدان میں ڈٹے رہیں گے۔ اتاولے پن اور ٹھنڈے مزاج میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے کے لئے آپ کو اعصابی اعتبار سے بہت مضبوط ہونا پڑتا ہے۔ انسانوں کی لیکن نسبتاً محدود تعداد ہی اپنے اعصاب پر کامل اختیار کی حامل ہوتی ہے۔ اعصاب قابو میں رکھنے کے لئے مشق درکار ہے۔ بدقسمتی سے ہماری ٹیم ایک لمحے کو بھی ایسی کسی مشق سے تیار نظر نہیں آئی جو اعصاب پر گرفت مضبوط بناتی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ بھارتی ٹیم کی اعصاب پر گرفت نے ہفتے کے میچ کو میکانکی بنا دیا۔ اہم ترین بات مجھ جاہل نے یہ بھی نوٹس کی کہ پاکستان ٹیم کی صورت میدان میں نہیں اترا۔ اس کا ہر کھلاڑی ٹیم سے ہٹ کر انفرادی کمال دکھانے کو بے چین نظر آیا۔ ہماری جانب سے اجتماعی عزت و بے عزتی سے بے اعتنائی کے سبب بھارتی کھلاڑی ناقص فیلڈنگ کے وجہ سے وکٹ کے درمیان دوڑ کر ایک کے بجائے متعدد بار 2 رنز کرنے کے قابل ہوئے۔ دو نازک مواقع پر انتہائی اہم کیچ بھی چھوڑ دئے گئے۔ فیلڈنگ پر میدان میں کھڑے ہر کھلاڑی کی توجہ مبذول ہونا لازمی ہے۔ فیلڈنگ میں یکسوئی کے بغیر گیارہ کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیم اکائی کی صورت ابھرنے میں ناکام رہتی ہے۔ ہمارے کپتان نے اگرچہ میری دانست میں بھارت کو دباؤ میں رکھنے کے لئے ہر ممکن حربہ استعمال کیا۔ حارث رؤف اور شاہین آفریدی کو میں چند دیگر میچوں میں دوستوں کے دباؤ کے تحت دیکھ چکا ہوں۔ ہفتے کے میچ میں لیکن وہ ہماری ٹیم کے لئے خاطر خواہ جلوے دکھانے میں ناکام رہے۔ بھارت کو ہدف تک پہنچنے سے روکنے کے لئے ہمارے کپتان نے زیادہ تر ان باؤلروں پر انحصار کیا جن کے ناموں سے میں واقف نہیں۔ وہ فاسٹ نہیں سپین باؤلر تھے۔ ان میں سے چند ایک نے میدان میں دوڑ کر ایک کے بجائے دو رن بنانے پر ہی توجہ دیتا رہا۔ جو باؤلر آزمائے گئے اس سے زیادہ ڈیلیور کر نہیں سکتے تھے۔ ہمارے بلے بازوں نے 50 اوور کے لئے بڑا ٹارگٹ فراہم نہیں کیا تھا۔ اس کے بعد فقط یہ امید باندھی گئی کہ شاید میچ جلد ختم کرنے کی چاہت میں بھارتی بلے باز چوکے چھکوں پر توجہ دیں گے۔ ویرات کوہلی کی ٹیم مگر آتش فشانی کو آمادہ نہیں ہوئی۔ اہم ترین بات یہ بھی تھی کہ جب ویرات کوہلی نے 85 سے زیادہ رنز بنا لئے تو اس کے ساتھ کریز کی دوسری جانب کھڑا ہوا کھلاڑی اس کوشش میں رہا کہ وہ زیادہ گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے سینچری بنائے اور میچ کے آخری گیند پر ویرات نے چوکا لگا کر ایک اور ریکارڈ بنالیا۔ ایک بار پھر اعتراف کرتا ہوں کہ مجھے کرکٹ سے قطعاً دلچسپی نہیں۔ ہار جیت بھی دنیا کے ہر کھیل میں صرف ایک فریق کا مقدر ہوسکتی ہے۔ اس سب کے باوجود اپنی ٹیم سے بہتر کارکردگی کی توقع تھی۔ ہمارے ہاں کئی دہائیوں کے بعد کرکٹ کے حوالے سے ایک عالمی ایونٹ ہو رہا ہے۔ اس ایونٹ کے لئے ہم نے اپنے اسٹیڈیم وغیرہ تیار کرنے میں کماحقہ دلچسپی دکھائی ہے۔ سکیورٹی کے انتظامات بھی فول پروف رکھے۔ یہ سب کرنے کیساتھ ہماری کرکٹ کے بادشاہوں کو یہ حقیقت بھی یاد رکھنا چاہیے تھی کہ جو ایونٹ ہو رہا ہے اس کے لئے اسٹیڈیم کی شان وشوکت وسیع تر حوالے سے ثانوی اہمیت کی حامل ہے۔ ہماری ٹیم کا انتخاب اس ایونٹ سے کئی ماہ قبل ہوجانا چاہیے تھا۔ انہیں کھیل کی پریکٹس کے علاوہ نفسیاتی اعتبار سے ایسے ماہرین کی نگرانی میں چند مشقوں سے گزرنا بھی لازمی تھا جو انہیں اعصاب پر مکمل کنٹرول کی بدولت پراعتماد دکھائے۔ بدن بولی کی تربیت بھی اس ضمن میں درکار تھی۔ مجھے خبر نہیں کہ ہمارے ہاں کرکٹ کے بادشاہوں نے ان امور پر توجہ کیوں نہیں دی۔ 1960 کی دہائی سے کرکٹ سے عدم دلچسپی کے باوجود میں نے بے شمار پاکستانی کھلاڑیوں کو بہت قریب سے دیکھا ہے۔ رواں صدی کے آغاز تک ان کی اکثریت قابل رشک انداز میں فقط کرکٹ کے میدان ہی میں نہیں بلکہ روزمرہ زندگی میں بھی کرشماتی دکھائی دیتی تھی۔ آج بھی اسلام آباد میں تقریباً دو دہائیاں قبل ہوا ایک کھانا یاد ہے۔ عمران خان صاحب اس کے میزبان تھے۔ وہ کھانا ان کے ایک قریبی دوست کے لان میں منعقد ہوا۔ ان کی مہمان بھارت کی کرکٹ ٹیم تھی جو راولپنڈی میں ایک میچ کھیلنے آئی تھی۔ ان دنوں برطانیہ کے افواہ ساز اخبار جمائمہ سے ان کی طلاق کے امکانات بڑھا چڑھا کر پیش کر رہے تھے۔ میں نے انگریزی کالموں میں ان کے لتے لینا شروع کر دئے۔ جمائمہ اور عمران خان میری جرات سے بہت خوش ہوئے۔ شاید اسی کی بدولت میری اس کھانے میں شرکت یقینی بنائی گئی۔ اس کھانے میں جا کر لیکن میں خود کو بہت تنہا محسوس کرتا رہا۔ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کس کے ساتھ کھڑا ہو کر کیا بات کروں کیونکہ وہاں ہر کونے میں کرکٹ ہی زیر بحث تھی۔ میرے سامنے ایک نسبتاً چھوٹے قد کا آدمی بھی خاموش کھڑا تھا۔ میں سمجھا کہ شاید وہ بھی میرے جیسا کرکٹ سے نابلد زبردستی بلایا کوئی مہمان ہے۔ میری خوش قسمتی کہ ہمارے ایک اساطیری کھلاڑی ظہیر عباس وہاں داخل ہوتے ہی اس شخص کے پاس آئے۔ اس شخص کے پاس پہنچتے ہی انہوں نے اس کا نام لے کر پکارا اور تعارف کرواتے ہوئے مجھے پاکستان کا مشہور اور نگڑا صحافی بتایا۔ جس شخص سے مجھے ملوایا گیا اس کا نام سچن ٹنڈولکر تھا۔ بعدازاں مجھے یہ علم ہوا کہ وہ بھارت کا اساطیری کھلاڑی ہے۔ ظہیر عباس کے سامنے مگر وہ انتہائی مودب انداز میں ان کی کرکٹ کا ذکر کرتا رہا۔ سچن کے بعد وہاں موجود جس بھارتی کرکٹر نے بھی ظہیر عباس کو دیکھا فوراً ان کے پاس خود چل کر آیا اور انہیں عزت واحترام سے سنا۔ اپنے کھلاڑیوں کا عدم اعتماد دیکھ کر ہفتے کی رات گئے تک میں ظہیر عباس کی کشش اور اعتماد کو یاد کرتا رہا ہوں۔

مدینے کا سفر ہے

مدینے کا سفر ہے اور میں نم دیدہ نم دیدہ، جبیں افسردہ افسردہ قدم لغزیدہ لغزیدہ۔ ماہ رمضان المبارک کی آمد آمد ہے۔ قافلے حرمین شریفین کی جانب رواں دواں ہیں۔ یوں تو اب بارہ مہینے حج غفیر رہتا ہے مگر رمضان المبارک میں رونقیں تین گناہ بڑھ جاتی ہیں۔ رب کا خاص احسان ہے کہ ہم گناہگاروں کو بار بار اپنے در کی حاضری نصیب فرماتا ہے۔ وقت پیسہ صحت زندگی سب اسی کی عطا کردہ نعمتیں ہیں اور توفیق بھی وہی عطا کرتا ہے ورنہ دنیا کے پاس بہت مال جوانی خبری سنائے۔ کہیں شاہد، کہیں مبشر، تو کہیں نذیر پکارا گیا۔ سراجِ منیر، روف الرحیم جیسے القابات سے نوازا گیا۔ اللہ کو تو یہ بھی پسند نہیں کہ کوئی اس کے محبوبؐ کے سامنے بلند آواز سے بات کرے۔ انھیں روزِ محشر شفاعت کرنے والا بنایا گیا، ساقی کوثر اور مقامِ محمود سے نوازا گیا ہے۔ اِسی طرح خالی کھوکھلے دعووں سے سچا عاشقِ رسولؐ نہیں بنا جا سکتا۔ حقیقی عاشقِ رسولؐ تو وہی ہے، جو آپ کے لائے ہوئے پیغام پر عمل پیرا ہو۔ آپ کی سنتوں کا اتباع کرے اور آپ کے ہر عمل کو عزیز از جان سمجھے۔ حدیثِ نبویؐ میں ہے کہ جس نے میری سنت سے محبت کی، اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی، وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔۔۔ اور جس خوش نصیب کو آقا کا ساتھ نصیب ہو گیا اس کو بن مانگے سب کچھ عطا ہو گیا۔ رب العزت ستار العیوب ہے، بندوں کے عیب ڈھک لیتا ہے، اپنے حبیب کی امت پر خاص کرم فرماتا ہے۔ اک گناہ میرا پاپے دیکھے تے دیوے دیس نکالا، لکھ گناہ میرا مالک ویکھے تے پردے پاون والا، عدل کریں تے تھر تھر کنبن اچیاں شاناں والے، مولا فضل کریں تے بخشے جاون میں ورگے منہ کالے۔ بندے کا کام دل سے ایمان لانا ہے، پھر ہر منزل آسان ہو جاتی ہے۔۔ حضرت علامہ اقبال بھی فرما گئے کہ اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی، تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن، اپنا تو بن۔ من کی دولت ہاتھ آتی ہے تو جاتی نہیں، تن کی دولت چھاؤں ہے، آتا ہے تن جاتا ہے تن۔ پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات، تو جھکا جب غیر کے آگے نہ من تیرا نہ تن۔۔۔ رب کو پانا ہے تو رب کے حبیب سے محبت لازم ہے۔ صحابہ کرام کی اطاعت و محبت امت کے لئے مثال ہے۔ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہو، اسے چاہیے کہ وہ بلا اور آزمائش کے لیے ڈھال تیار کر لے۔ یعنی صبر و قناعت کے لیے تیار رہے۔ آپ نے ایک مرتبہ خطبہ دیتے ہوئے فرمایا بیٹھ جاو۔ حضرت عبداللہ بن مسعود مسجد میں داخل ہو رہے تھے، جب یہ الفاظ سنے، تو وہیں دروازے پر بیٹھ گئے۔ آپ نے دیکھا، تو فرمایا عبداللہ !اندر آ جاؤ۔۔۔ آقا کے اصحاب سمعنا واطعنا کے پابند تھے۔ فنافی الرسول تھے۔ عشق رسول نام ہی ذات کی نفی ہے۔

مان نہ کر ئیو روپ گھنے دا وارث کون حسن دا
سدا نہ رہن شاخاں ہریاں، سدا نہ پھل چمن دا
سدا نہ باغیں بلبل بولے، سدا نہ باغ بہاراں
سدا نہ ماپے حسن جوانی ، سدا نہ صحبت یاراں مدینے کا سفر ہے اور میں نم دیدہ نم دیدہ، جبیں افسردہ افسردہ قدم لغزیدہ لغزیدہ۔ ماہ رمضان المبارک کی آمد آمد ہے۔ قافلے حرمین شریفین کی جانب رواں دواں ہیں۔ یوں تو اب بارہ مہینے حج غفیر رہتا ہے مگر رمضان المبارک میں رونقیں تین گناہ بڑھ جاتی ہیں۔ رب کا خاص احسان ہے کہ ہم گناہگاروں کو بار بار اپنے در کی حاضری نصیب فرماتا ہے۔ وقت پیسہ صحت زندگی سب اسی کی عطا کردہ نعمتیں ہیں اور توفیق بھی وہی عطا کرتا ہے ورنہ دنیا کے پاس بہت مال جوانی صحت ہے مگر در حبیب کی حاضری توفیق سے نصیب ہوتی ہے۔ مغربی ممالک میں ہجرت علم اور رزق کے لئے کی جاتی ہے مگر مغرب سے مشرق واپسی فقط وطن سے محبت میں ہوتی ہے اور حرمین شریفین کا سفر اور ہجرت عشق کے بغیر ناممکن ہے۔ جب مسجد نبوی کے مینار نظر آئے، اللہ کی رحمت کے آثار نظر آئے، منظر ہو بیاں کیسے الفاظ نہیں ملتے، جس وقت بھی آقا کا دربار نظر آئے، مکہ کی فضاوں میں طیبہ کی ہواوں میں، ہم نے تو جدھر دیکھا سرکار نظر آئے، دکھ درد کے ماروں کو غم یاد نہیں رہتے ،جب سامنے آنکھوں کے غمخوار نظر آئے۔۔ طیبہ سوئے طیبہ ہے اور نظروں کے سامنے حبیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا در اقدس ہے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جب تک کہ میں اسے اس کے والدین، اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ



''اتنا سناٹا کیوں؟'' قومی ٹیم دبئی سے اسلام آباد خاموشی سے پہنچ گئی

دبئی سے قومی ٹیم کا یہ جہاز پہلے لاہور پہنچا، جہاں چیئرمین پی سی بی بورڈ کے عہدیدار اترے، پھر منزل اسلام آباد تھی

بھارت کیخلاف یک طرفہ شکست کے بعد سب کے چہرے مرجھائے ہوئے تھے، سر جھکے ہوئے تھے

اسلام آباد (این این آئی) ''اتنا سناٹا کیوں ہے بھئی؟'' یہ بھارتی فلم کا ایک مشہور ڈائیلاگ ہے، جو عموماً گفتگو میں استعمال کیا جاتا ہے، البتہ اس ڈائیلاگ کو اگر قومی ٹیم کے دبئی سے اسلام آباد پہنچنے والی پرواز کے تناظر میں استعمال کیا جائے، تو بے جا نہیں ہوگا۔ دبئی سے قومی ٹیم کا یہ جہاز پہلے لاہور پہنچا، جہاں چیئرمین پی سی بی سید محسن رضا نقوی اور بورڈ کے عہدیدار اور دیگر چند لوگ اترے، پھر اس جہاز نے دوبارہ اڑان بھری اور اس بار اس کی منزل اسلام آباد تھی، جہاں قومی ٹیم اتری۔ جہاز کے اس سفر میں غیر معمولی خاموشی تھی، کھلاڑی آپس میں بات چیت نہیں کر رہے تھے۔ بھارت کے خلاف دبئی میں اتوار کو یک طرفہ شکست کے بعد سب کے چہرے مرجھائے ہوئے تھے، سر جھکے ہوئے تھے۔ چیئرمین پی سی بی سید محسن رضا نقوی جو اس سے قبل کراچی سے دبئی خصوصی طیارے میں سفر کر کے دبئی ٹیم کے ہمراہ پہنچے تھے، اس سفر میں خاصی گہما گہمی تھی، قہقہے اور شور تھا، اس بار گہری خاموشی تھی۔ چیئرمین نے دبئی میں کھلاڑیوں کو عشائیے پر بھی مدعو کیا تھا، بھارت میچ سے ایک رات پہلے اسٹیڈیم کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھانے پہنچے بھی تھے۔ البتہ واپسی پر شکست کے بعد جیسے سب کچھ بدل چکا تھا۔ نہ رویوں میں وہ گرمجوشی تھی، نہ چہرے پر وہ مسکراہٹ۔ بھارت کیخلاف یک طرفہ شکست کے بعد سب کے چہرے مرجھائے ہوئے تھے، سر جھکے ہوئے تھے چیئرمین پی سی بی سید محسن رضا نقوی جو اس سے قبل کراچی سے دبئی خصوصی طیارے میں سفر کر کے دبئی ٹیم کے ہمراہ پہنچے تھے، اس سفر میں خاصی گہما گہمی تھی، قہقہے اور شور تھا، اس بار گہری خاموشی تھی۔ چیئرمین نے دبئی میں کھلاڑیوں کو عشائیے پر بھی مدعو کیا تھا، بھارت میچ سے ایک رات پہلے اسٹیڈیم کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھانے پہنچے بھی تھے۔ البتہ واپسی پر شکست کے بعد جیسے سب کچھ بدل چکا تھا۔ نہ رویوں میں وہ گرمجوشی تھی، نہ چہرے پر وہ مسکراہٹ۔ بھارت



پاکستان کے کپتان محمد رضوان میں پریکٹس سیشن کے دوران ساتھی کھلاڑیوں سے گفتگو کر رہے ہیں) اے ایف پی(



نیوزی لینڈ کے رچن روندرا نے پیر 24 فروری 2024 کو راولپنڈی میں کھیلے جانے والے میچ میں شاندار سنچری سکور کی) اے ایف پی(

پاک بھارت میچز ون سائیڈڈ، پاکستان کیلئے ٹاپ کلاس میمز بنتی ہیں، سابق بھارتی کرکٹر

ہارنے کے بعد پاکستان کی میم گیم اور کرکٹ کانٹینٹ ٹاپ کلاس ہوتا ہے' یوٹیوبر آکاش چوپڑا

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر نے پاکستان پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ میچ ون سائیڈڈ تھا اور پاکستان کا کھیل دیکھ کر ٹاپ کلاس میمز بنیں گے۔ بھارت کے سابق بلے باز اور موجودہ یوٹیوبر آکاش چوپڑا نے چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کی یکطرفہ شکست پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستانی کپتان رضوان کے خیالات کو حیران کن قرار دیا، وہ سمجھتے ہیں کہ محمد رضوان کا پاکستانی اور بھارتی اسپنرز کا موازنہ کرنا درست نہیں ہے۔ آکاش چوپڑا نے کہا کہ پاکستانی کپتان محمد رضوان کا ماننا ہے کہ سلمان علی آغا اور خوشدل شاہ اسی کوالٹی کے بولرز ہیں جیسا کے اکشر پٹیل اور رویندر اجدیجا ہیں تو ایسا بالکل بھی نہیں ہے۔ سابق بھارتی کرکٹر نے کہا کہ پاکستان آپ ایسے ہی رہیں، اگرچہ بھارت اور پاکستان کے میچز ون سائیڈڈ ہوتے ہیں مگر ہارنے کے بعد پاکستان کی میم گیم اور کرکٹ کانٹینٹ ٹاپ کلاس ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ بھارت نے چیمپئنز ٹرافی کے اہم مقابلے میں پاکستان کو تقریباً یکطرفہ مقابلے میں شکست دی تھی اور 242 رنز کا ہدف 45 گیندیں قبل حاصل کیا تھا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ تینوں شعبوں میں بری

پاکستانی کھلاڑیوں نے ڈر کی وجہ سے وکٹیں گنوائیں، سلمان بٹ

لاہور (میاں شہروز سے) سابق کرکٹر سلمان بٹ کا کہنا ہے کہ پاکستانی کھلاڑیوں نے بھارت کے خلاف ڈر کی وجہ سے وکٹیں گنوائیں۔ پاک بھارت میچ پر بات کرتے ہوئے سابق کرکٹر سلمان بٹ نے کہا کہ جب کلدیپ آف اسٹمپ کے باہر سے بولنگ کر رہا تھا اگر پیڈ پر بھی گیند لگ جاتی تو آؤٹ نہیں تھا لیکن ہمارے بیٹرز نے اس کو سوئپ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ اس شیل میں چلے گئے کہ میں آؤٹ نہ ہو جائے اور وکٹیں نہ گر جائیں، پھر بھی وہاں سے نکل گئے تھے یہاں سے آپ کا اسکور 275 سے 280 ہونا چاہیے تھا۔ سلمان بٹ نے کہا کہ رضوان جس طرح بولڈ ہوئے اور سعود شکیل کا کیچ ڈراپ ہوا پھر وہ ہٹ مارنے چلے گئے۔ حسن علی نے کہا کہ جہاں ہمیں چارج کرنا چاہیے تھا وہاں وکٹیں گر گئیں جس کی وجہ سے بھارتی ٹیم ہم پر حاوی ہوتی چلی گئی۔ شاداب خان نے کہا کہ پارٹنر شپ لگی لیکن کسی موقع پر ایسا نہیں لگے گا بھارت گیم سے باہر ہو جائے گا، ہماری پارٹنر شپ بہت سلوتھی جس سے کہیں ایسا نہیں لگا کہ بھارتی ٹیم میچ سے باہر ہو گئی، اس سے پہلے بھی ہمارے کھلاڑی سلو کھیلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعود شکیل کو اپنا میچ اپ دیکھنا چاہیے اگر چارج کرنا ہی تھا تو اسپنرز کو کرتا لیکن ماڈرن ڈے کرکٹ نہیں کھیلی گئی۔

پاکستان ٹیم میں 6 سے 8 کھلاڑیوں کا ٹولہ گروپنگ کرتا ہے' احمد شہزاد

کراچی (زیڈ این این) قومی کرکٹر احمد شہزاد کا کہنا ہے کہ پاکستان ٹیم میں 6 سے 8 کھلاڑیوں کا ٹولہ ہے جو گروپنگ کرتا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے احمد شہزاد نے کہا کہ میں پہلے بھی بولتا رہا ہوں کہ یہ 6،8 کھلاڑیوں کا ٹولہ ہے جو گروپنگ کرتا ہے، انہیں کپتانی کا نشہ ہے، یہ وہ کھلاڑی ہیں جو نوجوانوں کو آنے نہیں دیتے، یہی عوام مجھے کہتے تھے کہ آپ بابر اعظم یا اس ٹیم کے اتنے مخالف کیوں ہیں؟' انہوں نے کہا کہ اب تو بابر اعظم نے خود ہی کہہ دیا مجھے کنگ نہ بولو، میں بیس سال سے اس سسٹم کا حصہ ہوں کیا اپنے ملک کی برائی چاہوں گا، ایسا نہیں کر سکتا لیکن 34 سال کی عمر میں کرکٹ سے سائیڈ ہو کر بیٹھ گیا ہوں تو اس کی کوئی وجہ تھی اور وہ یہ کہ میرٹ کا قتل عام ہو رہا ہے۔ احمد شہزاد نے کہا کہ پاکستان کی ٹیم کو سائیڈ پر رکھ کر دیکھیں ڈومیسٹک میں غریب کے بچے کے ساتھ حال کیا ہو رہا ہے، پروفیشنل کھلاڑی ہے لیکن اس کے پاس سفارش موجود نہیں جو لوگ بولتے ہیں کہ انٹرنیشنل کرکٹ میں پرچیاں نہیں چلتیں یہ غلط کہتے ہیں پرچیاں ہی چلتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کیا حل بتائیں بتا تا کر مر گئے ہیں، چیئرمین پی سی بی نے کہا سرجری ہوئی کوئی سرجری ہوگئی، عماد اور عامر کو لا کر سارا ملبہ ان پر ہی ڈال دیا، آپ پہلے دو میچ برداشت نہیں کر سکے یہی سچائی ہے۔

سابق کرکٹر کا شاہین، حارث اور نسیم سے پیچھا چھڑا کر آگے بڑھنے کا مطالبہ

تینوں فاسٹ بولرز نے 2023 کے ایشیا کپ کے بعد سے مسلسل ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے' محمد حفیظ

لاہور (میاں شہروز سے) سابق کپتان محمد حفیظ نے شاہین، حارث اور نسیم سے پیچھا چھڑا کر آگے بڑھنے کا مطالبہ کر دیا۔ پاکستان کے سابق کپتان محمد حفیظ نے بھارت کے خلاف بدترین کارکردگی پر قومی ٹیم کے بولرز شاہین آفریدی، نسیم شاہ اور حارث رؤف کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ حالیہ انٹرویو میں مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تینوں فاسٹ بولرز نے 2023 کے ایشیا کپ کے بعد سے مسلسل ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ محمد حفیظ نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی، نسیم شاہ اور حارث رؤف تینوں 2023 کے ایشیا کپ، 50 اوور کے ورلڈ کپ، ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ اور اب چیمپئنز ٹرافی 2025 میں اچھی کارکردگی دکھانے میں ناکام رہے ہیں۔'' انہوں نے کہا کہ یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ انہوں نے خود کو ثابت نہیں کیا کہ وہ پاکستان کے لیے بڑے ٹورنامنٹ جیت سکتے تھے، اب آگے بڑھیں اور دوسرے بولرز جیسے محمد علی، خرم شہزاد، محمد وسیم جونیئر، عاکف جاوید اور میز حمزہ کو موقع دیں۔ سابق کپتان نے کہا کہ یہ کھلاڑی اپنے مواقع کے منتظر ہیں وہ بھی پاکستانی ہیں اور ٹیم سے کھیلنے کے مستحق ہیں۔ انہوں نے بابر اعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ دس سال سے پاکستان کے

قومی ٹیم کی سرجری نہ ہوئی تو چیئرمین پی سی بی استعفیٰ دیدیں، باسط علی

نیوزی لینڈ کی چھوٹی ٹیم آئی تھی تو ہمیں بھی نئے لڑکوں کو چانس دینا چاہیے تھا' سابق پاکستانی بیٹر

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق ٹیسٹ کرکٹر باسط علی نے کہا ہے کہ قومی ٹیم کی سرجری نہ ہوئی تو چیئرمین پی سی بی عہدے سے استعفیٰ دیدیں۔ پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے موجودہ تجزیہ کار اور سابق قومی کرکٹر باسط علی کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی سی بی نے قومی ٹیم میں سرجری کا کہا تھا، چیئرمین پی سی بی مضبوط آدمی ہیں سب کو ٹھیک کر دیں گے۔ باسط علی نے کہا کہ قومی ٹیم کی اب بھی سرجری نہ ہوئی تو آئندہ اس سے بھی بُرا حال ہوگا، نیوزی لینڈ کی چھوٹی ٹیم آئی تھی تو ہمیں بھی نئے لڑکوں کو چانس دینا چاہیے تھا۔ سابق پاکستانی بیٹر نے کہا کہ حسن چیمہ ٹی وی پر فٹبال سے متعلق پروگرام کرتے تھے، فٹبال کا پروگرام کرنے والے حسن چیمہ قومی ٹیم کی سلیکشن کر رہے ہیں۔ کامران اکمل نے کہا کہ قومی ٹیم گزشتہ 9 سال میں کوئی ایونٹ نہیں جیتی، سلیکشن کمیٹی میں نان پروفیشنل لوگ ہونگے تو یہی حال ہوگا۔ قومی ٹیم کے سابق بیٹر نے کہا کہ گروپ بندی کے چکر میں قومی ٹیم کو خراب کیا گیا، ڈومیسٹک کرکٹ انھیں دی ہوئی ہے جنھیں کرکٹ کا پتہ ہی نہیں، قومی ٹیم کا جس دن اعلان ہوا تھا ہم اسی دن چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہو گئے تھے۔ قومی ٹیم کے سابق بیٹر نے کہا کہ گروپ بندی کے چکر میں قومی ٹیم کو خراب کیا گیا، ڈومیسٹک کرکٹ انھیں دی ہوئی ہے جنھیں کرکٹ کا پتہ ہی نہیں، قومی ٹیم کا جس دن اعلان ہوا تھا ہم اسی دن چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہو گئے تھے۔



دبئی کے انٹرنیشنل سٹیڈیم میں پاکستان اور انڈیا کے درمیان آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی ون ڈے انٹرنیشنل) اوڈی آئی (کرکٹ میچ کے دوران شائقین پاکستان اور انڈیا کے قومی پرچم لہرا رہے ہیں) جمیل ساد / اے ایف پی(



ٹین سپورٹس کے اس پروگرام میں چیمپئنز ٹرافی کے موقع پر وسیم اکرم، فخر عالم، وقار یونس کے ساتھ ساتھ دو بھارتی کھلاڑی اجے جڈیجہ اور نکھل چوپڑا بہترین انداز میں ڈریسنگ روم نامی شو پیش کر رہے ہیں) ٹین سپورٹس(

باکو: وزیراعظم محمد شہباز شریف نے "فتح کے یادگار" پر پھولوں کی چادر چڑھائی تاکہ دوسرے قراباغ جنگ کے آذربائیجانی ہیروں اور شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا جاسکے

یوکرین جنگ چند ہفتوں میں ختم ہوسکتی ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

یوکرین امریکا معدنی ڈیل مربوط سیکیورٹی کی ضمانت دے گی، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ یوکرین جنگ چند ہفتوں میں ختم ہوسکتی ہے، روسی صدر نے یوکرین میں امن دستوں کا تصور تسلیم کرلیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس میں فرانسیسی صدر میکرون سے ملاقات کے بعد گفتگو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ یوکرین جنگ کے خاتمے سے متعلق مذاکرات اچھی طرح آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین میں امن کے لیے یورپی افواج بھیجنے میں بظاہر کوئی مسئلہ نہیں، روسی صدر پیوٹن یورپی امن دستوں کو قبول کریں گے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا مزید کہنا تھا کہ یوکرینی صدر سے رواں ہفتے یا آئندہ ہفتے ملاقات کروں گا، کسی موقع پر روسی صدر سے بھی ملاقات کروں گا، مناسب وقت پر ماسکو جانے کے لیے تیار ہوں۔ امریکی صدر نے کہا کہ یوکرین کو اپنا علاقہ چھوڑنا چاہیے یا نہیں اس سے متعلق دیکھیں گے، یوکرین میں طویل مدتی سلامتی یقینی بنانے کے لیے یورپ کو مرکزی کردار ادا کرنا چاہیے۔ اس موقع پر فرانسیسی صدر میکرون نے کہا کہ یوکرین کو سلامتی کی ضمانت دینے کے لیے تیار ہیں، امن مشن میں یورپی فوجیوں کو شامل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یورپی افواج فرنٹ لائن پر نہیں ہوں گی، یورپی افواج کی یوکرین میں موجودگی ضمانت کے طور پر ہوگی، ہمارا مقصد یوکرین میں دیرپا امن قائم کرنا ہے۔

سعودی عرب کی پولیو خاتمے کی عالمی مساعی میں 500 ملین ڈالر امداد

نیویارک (این این آئی) عالمی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ سعودی عرب ریاض انٹرنیشنل ہیومینٹیرین فورم کے فریم ورک کے اندر عالمی سطح پر پولیو کے خاتمے کی کوششوں کے لیے 500 ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صحت عامہ کے فروغ، صحت کے اداروں کو ترقی دینے اور دنیا بھر میں لاکھوں افراد کو زندگی بچانے والی طبی خدمات فراہم کرنے میں اس شعبے کی اہمیت کی وجہ سے سعودی عرب نے صحت کے شعبے کو کم ترقی یافتہ ممالک میں بہت اہمیت دی ہے۔ سعودی عرب نے بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے تعاون سے اسلامی ترقیاتی بینک کے 33 رکن ممالک میں سالانہ 370 ملین بچوں کو پولیو سے بچانے اور لاکھوں لوگوں کو غربت سے نکالنے کے لیے 600 ملین ڈالر سے زیادہ کی رقم فراہم کی ہے، جس میں سے 500 ملین ڈالر پانچ سالوں کے دوران عالمی پولیو کے خاتمے کے اقدام کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ سعودی عرب دنیا بھر کے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے فراہم کرنے میں اپنا حصہ ڈال رہا ہے۔ سعودی عرب کی پولیو خاتمے کی عالمی مساعی میں 500 ملین ڈالر امداد

سلامتی کونسل نے یوکرین سے متعلق امریکی قرارداد منظور کرلی؛ قرارداد میں روسی فیڈریشن اور یوکرین کے درمیان تنازعہ کے دوران اموات پر افسوس کا اظہار کیا گیا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے تمام تر ابہام مسترد کرتے ہوئے یوکرین سے متعلق امریکی قرارداد منظور کرلی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق روس نے سلامتی کونسل میں یوکرین سے متعلق امریکی قرارداد میں ترمیم کرنے کی کوشش کی تھی مگر اس میں ناکام رہا تھا۔ بعد میں روس نے سلامتی کونسل میں یوکرین سے متعلق امریکی قرارداد میں ترمیم کی یورپی کوشش کو ویٹو کر دیا۔ دس ممالک نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیا جن میں روس، چین اور امریکا بھی شامل ہیں جبکہ فرانس اور برطانیہ سمیت 5 ممالک غیر حاضر رہے، کسی ایک نے بھی مخالفت نہیں کی۔ قرارداد میں روسی فیڈریشن اور یوکرین کے درمیان تنازعہ کے دوران اموات پر افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔ قرارداد میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کا مرکزی کردار عالمی امن اور تنازعات کے خاتمے کو ممکن بنانا ہے، اسطرح یوکرین کے معاملے پر امریکا نے یورپ کی جگہ روس کو اتحادی بنالیا۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ تنازعہ کا فوری خاتمہ کیا جائے اور یوکرین اور روس کے درمیان دیرپا امن قائم کیا جائے۔ بائیڈن دور میں امریکا اور یورپی ممالک روس کو جارح کہتے رہے تھے کہ روس نے یوکرین پر حملہ کیا ہے تاہم اس قرارداد میں روس کو نہ تو جارح کہا گیا ہے۔

برطانیہ نے روس اور اس کے مددگاروں پر مزید پابندیاں عائد کر دیں

تازہ ترین برطانوی پابندیوں کی زد میں کئی دوسرے ملکوں کی کمپنیاں اور شخصیات بھی آ گئیں

لندن (این این آئی) برطانیہ نے یوکرین جنگ میں روس کی مدد کرنے والوں پر مختلف کیٹیگری میں 100 سے زائد پابندیاں عائد کر دی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان پابندیوں کا اعلان روس کی یوکرین میں جنگ کے تین سال مکمل ہونے پر کیا گیا ہے، برطانوی وزارت خارجہ کے جاری کردہ بیان کے مطابق ان نئی پابندیوں کا نشانہ روس کی فوجی مشینری سے متعلق ادارے اور وہ ملک یا ادارے ہیں جو روس کی مدد کر رہے ہیں۔ تازہ ترین برطانوی پابندیوں کی زد میں کئی دوسرے ملکوں کی کمپنیاں اور شخصیات آ گئی ہیں۔ ان میں وسط ایشیائی ریاستوں کے علاوہ چین، بھارت، ترکیہ اور تھائی لینڈ بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں شمالی کوریا کے وزیر دفاع کو بھی برطانیہ نے روس کے ساتھ جنگ میں تعاون کرنے پر پابندیوں کی زد میں لیا ہے۔ ان پر الزام ہے کہ انہوں نے شمالی کوریا کے گیارہ ہزار کی تعداد میں فوجی روس کی مدد کے لیے بھجوائے ہیں۔ برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی کے مطابق پابندیوں کا تازہ کھیپ ان برسوں کے دوران لگائی گئی پابندیوں کی اب تک کی سب سے بڑی کھیپ ہے۔ ڈیوڈ لیمی نے مزید کہا ان پابندیوں کی بدولت ہر فوجی سپلائی لائن میں خلل ڈالا جا سکے گا، ہر روبل کو بلاک کر دیا جائے گا۔ یہ پوتین کی جارحیت بے نقاب کرنے کے لیے اور منصفانہ اور پائیدار امن کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ برطانیہ کی حکومت نے اس موقع پر یہ بھی کہا ہے کہ پہلی بار جنگ کی حمایت کرنے والے غیر ملکی مالیاتی اداروں کو سزا دینے کی خاطر نئے اختیارات استعمال کیے جا رہے ہیں۔ ان میں کرغزستان میں قائم بنک بھی شامل کیا گیا ہے۔ جبکہ 14 مزید کلیپٹو کریٹس کو بھی شامل کیا گیا ہے جیسے کہ رومن ٹرانسنیکو، جو روس کی امیر ترین شخصیات میں سے ایک ہیں۔ برطانیہ کی حکومت نے اس موقع پر یہ بھی کہا ہے کہ پہلی بار جنگ کی حمایت کرنے والے غیر ملکی مالیاتی اداروں کو سزا دینے کی خاطر نئے اختیارات استعمال کیے جا رہے ہیں


امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو 10 فروری 2025 کو واشنگٹن ڈی سی میں امریکی محکمہ خارجہ کی عمارت میں مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاط سے ملاقات کے دوران) اے ایف پی(

سات اکتوبر کی تباہی کا علم ہوتا تو اس کی مخالفت کرتا، ابو مرزوق کا اعتراف

اسرائیل کے ساتھ مذاکرات میں ایک متنازعہ نکتہ فلسطینی تحریک نے مسترد کر دیا ہے، گفتگو

غزہ (این این آئی) حماس کے بیرون ملک نائب سربراہ موسیٰ ابو مرزوق نے تصدیق کی ہے کہ اگر غزہ کی پٹی پر ہونے والی تباہی کے بارے میں جانتے تو وہ اس حملے کی مخالفت کرتے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اگر مجھے سات اکتوبر 2023 کو ہونے والے حملے کے نتیجے میں ہونے والی تباہی کا علم ہوتا تو میں اس کی مخالفت کرتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نتائج جاننے سے اس کی حمایت کرنا ناممکن ہو جاتا۔ ہمیں سات اکتوبر کے منصوبے کے بارے میں پہلے سے کوئی علم نہیں تھا لیکن میں نے اور حماس کے رہنماں نے اسرائیل پر حملے کی عمومی حکمت عملی کی حمایت کی تھی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حماس کی طرف سے غزہ میں اپنے ہتھیاروں کے مستقبل کے بارے میں بات چیت کے لیے ایک خاص آمادگی ہے۔ اسرائیل کے ساتھ مذاکرات میں یہ ایک متنازعہ نکتہ ہے جسے فلسطینی تحریک کے بعض عہدیداروں نے مسترد کر دیا ہے۔ موسیٰ ابو مرزوق کے بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حماس کے عہدیداروں میں سات اکتوبر کے حملے اور اس کے نتائج کے حوالے سے باضابطہ موقف کے حوالے سے اختلاف پایا جاتا ہے۔

ہم معاہدے کا دوسرا مرحلہ دیکھنا چاہتے ہیں، اسرائیلی وزارت خارجہ

اسرائیل اپنی اور اپنے بچوں کی حفاظت جاری رکھے گا، ترجمان اورین مارمورسٹین کی گفتگو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزارت خارجہ کے ترجمان اورین مارمورسٹین نے غزہ میں جنگ بندی کے معاہدے کے دوسرے مرحلے کی موجودگی کے حوالے سے 16 منٹ تک براہ راست اور صاف جواب دینے سے گریز کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی مہمان نے بار بار معاہدے کے دوسرے مرحلے اور دوبارہ جنگ کے امکان کا جواب دینے سے بچنے کی کوشش کی لیکن آخر کار انہوں نے کہ دیا کہ ہم معاہدے کا دوسرا مرحلہ دیکھنا چاہتے ہیں اور اپنے تمام یرغمالیوں کی رہائی کی ضمانت چاہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل کے دو اہداف ہیں۔ پہلا یہ یقینی بنانا ہے کہ حماس غزہ پر کنٹرول نہ کرے اور دوسرا اس بات کو یقینی بنانا کہ حماس غزہ سے اسرائیل کے لیے خطرہ نہ بنے۔ مارمورسٹین نے اس بات کی تردید کی کہ اسرائیلی حکومت میں 602 فلسطینی قیدیوں کی رہائی میں تاخیر کے حوالے سے کوئی بحران ہے۔ حماس نے معاہدے کی خلاف ورزی کی ہے اور قیدی شیری بیباس اور اس کے دو بچوں کی لاشوں کے بجائے دوسری لاشوں کو حوالے کیا گیا تھا۔ جنگ بندی کے معاہدے پر ثابت قدمی کے حوالے سے اسرائیلی مہمان نے تمام قیدیوں کی رہائی کی بات کرتے ہوئے حماس کی جانب سے معاہدے کی پاسداری نہ کرنے کا دعویٰ کیا۔ حسن نصر اللہ کی نماز جنازہ کے دوران کم اونچائی پر اسرائیلی طیاروں کی پرواز پر تبصرہ کرتے ہوئے۔

اس تصویر میں اسرائیل اور حماس کے درمیان فائر بندی معاہدے کے بعد غزہ کے بے گھر افراد اپنے آبائی علاقوں کی جانب لوٹ رہے ہیں) اے ایف پی(



وزیر اطلاعات عطا تارڑ کو ریاض میں ایس آر ایم جی کے ہیڈ کوارٹر کے دورے کے دوران سی ای او جمانا الراشد سے ملاقات کر رہے ہیں) ایس آر ایم جی(

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

شیخوپورہ: علامہ اقبال پارک میں واقع جدید سہولیات سے آراستہ مجمرہ ہسپتال میں میڈیکل فری کیمپ

افتتاح معروف سپیشلسٹ فزیشن وگولڈ میڈلسٹ ڈاکٹر امتیاز احمد نے کیا اس موقع پر مجمرہ ہسپتال کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر محمد اسلم خان بھروانی و دیگر موجود تھے



شیخوپورہ (پیرو رپورٹ) شیخوپورہ شہر کے وسطی آبادی علامہ اقبال پارک میں واقع جدید سہولیات سے آراستہ "مجمرہ ہسپتال" میں میڈیکل فری کیمپ لگایا گیا جس کا افتتاح معروف سپیشلسٹ فزیشن وگولڈ میڈلسٹ ڈاکٹر امتیاز احمد سعید نے کیا اس موقع پر "مجمرہ ہسپتال" کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر محمد اسلم خان بھروانی، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن ڈاکٹر محمد عثمان غنی، ڈائریکٹر اپریشنز ڈاکٹر محمد عمیر غفور، فزیشن ڈاکٹر محمد عمیر ظہیر، ڈاکٹر محمد ابوبکر، ڈاکٹر محمد ابراہیم، ڈاکٹر محمد ابوذر، ڈاکٹر محمد ابوہریرہ، ڈاکٹر محمد ابوبکر

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 26 فروری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیٹ بیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے سطور پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360037

بقیہ

1

لیکسر وارڈ میں ایک بیڈ پر 2000 مریضوں کا علاج کیا گیا۔ چلڈرن ہسپتال کی کنسلر وارڈ ابو ذی طیبہ 25 برس کے زائد کینسر کے مریض ہے معتقید پریشان ہیں کامیابی میں چلڈرن ہسپتال کی کامیابی کا تناسب 89 فیصد سے زائد ہے، سندھ، بلوچستان اور دیگر صوبوں کے مریض بھی یہیں مریض آپریشن کرانے والی ہیں شامل ہیں۔ افغانستان سے آنے والے مریضوں میں بچوں اور بچیوں کی تعداد زیادہ ہے، ڈاکٹر ثمینہ رشید بتاتی ہیں کہ ہسپتال اور ہمارے ڈاکٹرز کی ٹیم نے فری بون میرو ٹرانسپلانٹ ڈیپارٹمنٹ قائم کیا ہے جس میں بون میرو ٹرانسپلانٹ کرنے والی ہیں شامل ہیں۔ افغانستان سے آنے والے مریضوں کے علاج کیلئے ہسپتال اور ہمارے ڈاکٹرز کی ٹیم نے فری بون میرو ٹرانسپلانٹ کیلئے 2 بیڈ مختص کئے ہیں۔ ہسپتال کے ڈاکٹرز نے بتایا کہ بون میرو ٹرانسپلانٹ کے ذریعے تھیلیسیمیا، سکل سیل انیمیا، امیونو ڈیفیشنسی، بلڈ کینسر، ٹ

حکومت رمضان میں عوام کو بڑا ریلیف پیکیج دے، ضیاء الدین انصاری

صوبائی اور مرکزی حکومت مہنگائی میں کمی کیلئے عملی اقدامات کرے، ماہ رمضان کیلئے تمام علاقوں میں خصوصی پروگرام ترتیب دیئے جائیں

ناجائز منافع خور، ذخیرہ اندوز اور گراں فروش کسی رعایت کے مستحق نہیں، ضیاء الدین انصاری

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، امیر غربی لاہور علی الرضی حسنی نے کہا ہے کہ نااہل حکمرانوں کی طرف سے شرافیہ کو نوازنے کیلئے عوام کی امیدوں پر شب خون مارا جا رہا ہے، مہنگائی سیتاما مہر دریائے زندگی عام آدمی کی کمر توڑ رہی ہے، مہنگائی اور بیروزگاری سے بدحال عوام کی چیخ حکومت کو سنائی نہیں دیتی، جو قاتل مافیاز کی ہوس کا نشانہ بن رہے ہیں، مافیاز کی بھی کوئی حد ہوتی ہے، رمضان المبارک سے قبل ہی دیگر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ کر دیا گیا ہے، ناجائز منافع خور محنت کش عوام کے روزہ رکھنے کی نیند سو رہے ہیں اور حکمران غفلت کی نیند سو رہے ہیں، صوبائی و مرکزی حکومت مہنگائی میں کمی کیلئے عملی اقدامات کرے، ماہ رمضان میں عوام کو بڑا ریلیف پیکج دے، صوبائی اور مرکزی حکومت مہنگائی میں کمی کیلئے عملی اقدامات کرے، ماہ رمضان کیلئے تمام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)



لاہور: منصورہ میں جماعت اسلامی غربی لاہور کے اجتماع ارکان سے ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، علی الرضی حسنی، ملک شاہد اسلم و دیگر خطاب کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے میو ہسپتال اور لاہور ہائی کورٹ کا دورہ

آئی جی پنجاب نے میو ہسپتال میں زیر علاج شہری آصف جاوید کی عیادت کرتے ہوئے خیریت دریافت کی اور جلد صحت یابی کیلئے دعا کی

محمد آصف جاوید نے خودسوزی کی کوشش کی تھی، پولیس افسران، اہلکاروں اور شہریوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آصف کی جان بچائی، ترجمان

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے میو ہسپتال اور لاہور ہائی کورٹ کا دورہ کیا اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران اور دیگر سینئر پولیس افسران ہمراہ تھے۔ ترجمان پنجاب پولیس تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ آئی جی پنجاب نے میو ہسپتال میں زیر علاج شہری آصف جاوید کی عیادت کرتے ہوئے خیریت دریافت کی اور صحت یابی کیلئے دعا کی۔ آئی جی پنجاب نے شہری آصف کو ہائی سپیشلائزڈ میڈیکل سہولیات کی فراہمی کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے شہری کی بہادری کو سراہا اور کہا کہ پولیس افسران اہلکاروں اور شہریوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آصف کی جان بچائی، ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق آصف کو آئی جی پنجاب کے نوٹس میں لانے کیلئے ان کے اہلخانہ سے بھی ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے شہری آصف کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات کی فراہمی کی یقین دہانی کروائی۔ بعد ازاں آئی جی پنجاب نے لاہور ہائی کورٹ کا دورہ کر کے جائے وقوعہ کا بھی معائنہ کیا۔ ڈی آئی جی سیکورٹی اویس احمد، ایس پی سیکورٹی لاہور عبدالوہاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور میو ہسپتال میں زیر علاج شہری کی خیریت دریافت اور لاہور ہائی کورٹ میں جائے وقوعہ کا معائنہ کر رہے ہیں

منتخب پنجاب کی کارکردگی: 63 لاکھ سے زائد مالیت 15 مرلے رقبہ قبضہ واگزار

حکام نے منتخب پنجاب کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے قانونی کارروائی مکمل کی

ناجائز قبضے کی نشاندہی کرتے ہوئے اراضی واگزار کرانے کی استدعا کی گئی تھی۔ درخواست پر فوری کارروائی کرتے ہوئے منتخب پنجاب نے حلقہ صوبائی خاکم کو ضروری قانونی اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ حکام نے منتخب پنجاب کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

چیمپئنز ٹرافی کے میچز پر امن اور محفوظ ماحول میں جاری، پنجاب پولیس ہائی الرٹ

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر صوبہ بھر میں سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز جاری

اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے جا رہے ہیں جس کے مسلسل میں گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران صوبہ بھر میں 399 سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)





آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے میچز پر امن اور محفوظ ماحول میں جاری، پنجاب پولیس صوبہ بھر میں سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز میں مصروف عمل

شمالی وزیرستان میں تیل و گیس کے ذخائر دریافت

ذخائر ابتدائی طور پر 1 کروڑ 29 لاکھ مکعب فٹ یومیہ گیس حاصل ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے، اعلامیہ

مطابق ان ذخائر سے ابتدائی طور پر 1 کروڑ 29 لاکھ مکعب فٹ یومیہ گیس حاصل ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اعلامیہ میں بتایا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد (این این آئی) ماری انرجیز لمیٹڈ نے شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کے ذخائر کی دریافت کا اعلان کیا ہے۔ ماری انرجیز لمیٹڈ کے اعلامیے کے مطابق بلوچستان کے 4 اضلاع میں 4 بائی رسک اضلاع کو پیچھے چھوڑ دیا گیا ہے۔ ای او ای ایم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

بلوچستان، ہائی رسک اضلاع میں انسداد پولیو کی خصوصی مہم کا چھٹا دن

انسداد پولیو کی خصوصی مہم کے دوران 4 لاکھ سے زائد بچوں کی ویکسینیشن ہدف ہے

کوئٹہ (این این آئی) صوبہ بلوچستان کے 4 ہائی رسک اضلاع کے مطابق بلوچستان میں 4 بائی رسک اضلاع کوئٹہ، سرن، پشین، قلعہ عبداللہ میں انسداد پولیو کی خصوصی مہم جاری ہے۔ ای او ای ایم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

چیف ایڈیٹر: میاں محمد یاسین
ایگزیکٹو ایڈیٹر: صوفی الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر: ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر: امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر: چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد شہزاد میاں
لیگل ایڈوائزر: بیرسٹر شیخ ایوب ایڈووکیٹ ہائیکورٹ
پبلشر: احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

پولیس کی بروقت کارروائی، طالبہ کو ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم حبیب مشی نے ہراساں کرنے کے لیے طالبہ کی تصاویر بنائی تھی: ذرائع

لاہور (این این آئی) ملتان روڈ پولیس نے بروقت کارروائی کر کے طالبہ کو ہراساں کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم حبیب مشی نے طالبہ کو ہراساں کرنے کے لیے طالبہ کی تصاویر بنائی، طالبہ نے 15 پر کال کی جس پر پولیس نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم کو موقع پر گرفتار کر لیا۔ ملتان روڈ پولیس نے موقع پر پہنچ کر طالبہ کو تحفظ فراہم کیا اور ملزم کا موبائل فون تحویل میں لے لیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا گلبرگ میں نمکو یونٹ پر چھاپہ

500 لیٹر سے زائد استعمال شدہ ناقص آئل، ممنوعہ رنگ تلف، یونٹ کی پروڈکشن بند

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ملاوٹ بنانے کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے گلبرگ میں نمکو یونٹ پر چھاپہ مارا اور 500 لیٹر سے زائد استعمال شدہ ناقص آئل، ممنوعہ رنگ تلف کرکے یونٹ کی پروڈکشن بند کر دی اور 50 ہزار جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سوہدر و سیکرٹری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے بہتر پالیسیاں ترتیب دی جا رہی ہیں، وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب

محمد آصف (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبہ میں زرعی شعبے کی ترقی و خوشحالی اور محفوظ ماحول کی جاری ہیں اور ٹرانسفارمیشن کی جا رہی ہے۔ کاشتکاروں کی خوشحالی اور زرعی ترقی کے لئے بہتر پالیسیاں ترتیب دی جا رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین بخاری نے آج زراعت ہاؤس میں منعقدہ ایگریکلچر کیفنٹن کے دوسرے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سوہدر و سیکرٹری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

عمران خان فوج ملک کے لیے بہت بڑا اثاثہ ہیں عظم سواتی

افواج اور عوام میں خلیج کم کرنے کی ضرورت ہے، سوچنا ہوگا کہ کن عوامل اور لوگوں نے یہ خلیج پیدا کی ہے، گفتگو

پاکستان کی سلامیت اور امور جب قومی مجرموں کو سونپ دیے جائیں تو ملک تباہی کی طرف جاتا ہے: رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما اعظم سواتی نے اسلام آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی سلامیت اور امور جب قومی مجرموں کو سونپ دیے جائیں تو ملک تباہی کی طرف جاتا ہے۔ عدالت لاہور کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سلامیت اور امور جب قومی مجرموں کو سونپ دیے جائیں تو ملک تباہی کی طرف جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں فیصلہ سازوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ عمران خان افواج اور اس ملک کے لیے بہت بڑا اثاثہ ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی نے انسداد دہشتگردی عدالت لاہور کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سلامیت اور امور جب قومی مجرموں کو سونپ دیے جائیں تو ملک تباہی کی طرف جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں فیصلہ سازوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ عمران خان افواج اور اس ملک کے لیے بہت بڑا اثاثہ ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی نے انسداد دہشتگردی عدالت لاہور کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سلامیت اور امور جب قومی مجرموں کو سونپ دیے جائیں تو ملک تباہی کی طرف جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں فیصلہ سازوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ عمران خان افواج اور اس ملک کے لیے بہت بڑا اثاثہ ہیں۔ اللہ نے آپ کو استطاعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)



لاہور: انارکلی فوڈ سٹریٹ کے تاجر تجاوزات کے خلاف آپریشن کے دوران احتجاج کر رہے ہیں

ڈی پی او کی حکومت میں سب برائے فروخت ہے، فیصل کریم کنڈی

خیبر پختون خوا میں ٹرانسفر پوسٹنگ فارسیل ہے، کلاس فور سے لے کر تمام نوکریوں کی بولیاں لگائی جاتی ہیں: گفتگو

کے پی حکومت نے 20 ہزار ملازمین فارغ کیے، یونیورسٹیوں میں وائس چانسلرز کی نشستوں کی بولیاں لگائی جائیں گی: گورنر خیبر پختون خوا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختون خوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں قائم پی ٹی آئی حکومت میں سب کچھ برائے فروخت ہے۔ پشاور میں نارووال: ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا رضوان سبزی بازار کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں





مریضوں کی خدمت میری اولین ترجیح ہے

ڈاکٹر عامر نوید

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایف آئی سی)

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے مریضوں کو ادویات گھر کی دہلیز تک پہنچانے کے انقلابی قدم پر سو فیصد عملدرآمد کروایا جا رہا ہے

ایمرجنسی سہولیات کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے، بچوں کی کارڈک سرجری کیلئے بین الاقوامی ماہرین کی ٹیم تین روز خصوصی سرجری کرینگے

فیصل آباد کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ میں ڈاکٹر عامر نوید کی ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تعیناتی کے بعد خصوصی گفتگو انہیں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی اضافی ذمہ داریاں بھی سونپ دی گئی ہیں







فوٹو: فیصل آباد سٹی ڈپٹی بیورو چیف (ڈی بی سی) فیصل آباد کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ میں ڈاکٹر عامر نوید کو ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایڈیشنل ایم ایس) تعینات کر دیا گیا، جبکہ اضافی طور پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کی ذمہ داریاں بھی سونپ دی گئی ہیں۔ ان کی تعیناتی پر مبارکباد دینے والوں کا سلسلہ جاری ہے، جن میں طبی، سماجی، صحافتی اور سیاسی شخصیات شامل ہیں۔ اس موقع پر معزز مہمانوں نے ڈاکٹر عامر نوید کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مریضوں کے لیے جدید سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح، ڈاکٹر عامر نوید نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی پہلی ترجیح مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے مریضوں کو ادویات گھر کی دہلیز تک پہنچانے کا جو انقلابی اقدام اٹھایا گیا ہے، اس پر 100 فیصد عملدرآمد کروایا جا رہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مریض مستفید ہو سکیں اور ہسپتال کے چکر لگانے سے بچ سکیں۔ کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ میں جدید علاج کی سہولیات ڈاکٹر عامر نوید نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق انسٹیٹیوٹ میں ایمرجنسی سہولیات کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ مریضوں کے لیے انجیو گرافی، انجیو پلاسٹی اور بائی پاس سرجری کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ دل کے امراض میں مبتلا مریضوں کو جدید علاج میسر آ سکے۔ بچوں کی کارڈک سرجری کے لیے بین الاقوامی ماہرین کی ٹیم پاکستان آئے گی انہوں نے یہ بھی بتایا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کے خصوصی اقدام کے تحت بچوں کی کارڈیک سرجری کے لیے انگلینڈ سے ماہر سرجن اور بھارت سے ماہر امراض قلب پاکستان آئیں گے، جو مقامی ڈاکٹروں کے ساتھ مل کر تین دن تک خصوصی سرجریز کریں گے۔ یہ اقدام پاکستان میں دل کے امراض میں مبتلا بچوں کے علاج میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ شہر بھر کی سیاسی، سماجی اور صحافتی برادری نے ڈاکٹر عامر نوید کی تقرری پر خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں فیصل آباد کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ میں مریضوں کے لیے مزید بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی

















ہم
ڈاکٹر عامر نوید
FIC کا ایڈیشنل ایم ایس تعینات ہونے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا اضافی چارج ملنے پر
مبارکباد پیش کرتے ہیں
منجانب
ملک بشیر احمد
سٹی ڈپٹی بیورو چیف فیصل آباد روزنامہ قوت لاہور
وائس چیئرمین پریس کلب آف بیوروکریٹس
وائس چیئرمین ایف پی سی اے